ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 25 شعبان 1447ھ 14 فروری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 222
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

طالبان پر پابندیوں کی نگرانی میں ایک سال کی توسیع — افغان سرزمین سے دہشتگردی ناقابل قبول، طالبان ذمہ داری پوری کریں، پاکستان

مانیٹرنگ ٹیم کی مدت میں توسیع کی قرارداد امریکا کی جانب سے پیش کی گئی تھی جسے تمام 15 ارکان نے متفقہ طور پر منظور کیا، نگرانی ٹیم کا مینڈیٹ 17 فروری 2027 تک بڑھا دیا گیا

تحریک طالبان پاکستان، بلوچ لبریشن آرمی، داعش خراسان اور القاعدہ پاکستان کے خلاف سنگین دہشت گرد حملوں میں ملوث رہی ہے، حالیہ حملوں میں 80 افراد جاں بحق ہوئے، عاصم افتخار

پاکستان پر حملوں کیلئے ایک بار پھر افغان سرزمین کو استعمال کیا گیا، طالبان کو اس کا سدباب کرنا ہوگا، افغانستان اپنی سرزمین ہمسایہ ممالک کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، مستقل مندوب

اسلام آباد (شاکر رحمان) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے طالبان پر عائد پابندیوں کی نگرانی کرنے والی ٹیم کی مدت میں ایک سال کی توسیع کر دی ہے۔ قرارداد کو تمام 15 ارکان نے متفقہ طور پر منظور کیا، جس کے تحت مانیٹرنگ ٹیم کا مینڈیٹ 17 فروری 2027 تک بڑھا دیا گیا ہے۔ یہ ٹیم 1988 افغانستان پابندیوں کی کمیٹی کی معاونت کرتی ہے، جو طالبان پر عائد پابندیوں کی نگرانی کرتی ہے۔ قرارداد امریکا کی جانب سے پیش کی گئی تھی۔ پاکستان نے بھی قرارداد کی حمایت کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ کالعدم تنظیمیں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے)، داعش خراسان (آئی ایس آئی ایل-کے) اور القاعدہ پاکستان کے خلاف سنگین دہشت گرد حملوں میں ملوث رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ مہینے میں دہشتگرد حملوں میں 80 افراد جاں بحق ہوئے۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ افغان سرزمین کو ہمسایہ ممالک کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے اور طالبان کو اس کا سدباب کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ افغانستان کو عالمی برادری کا ذمہ دار رکن بننے کے لیے دہشت گرد گروہوں کے خلاف واضح اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ اقوام متحدہ کی مانیٹرنگ ٹیم کی حالیہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ افغانستان میں متعدد دہشت گرد گروہ سرگرم ہیں اور بعض کو وہاں سازگار ماحول میسر ہے، خاص طور پر ٹی ٹی پی کو۔ رپورٹ میں سرحد پار حملوں، انتہاپسندی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

آنکھ کی بینائی ایک دم سے ختم نہیں ہوسکتی، علامہ راجہ ناصر

رانا ثنا اللہ کو جو لکھ کر دیا گیا انہوں نے وہ پڑھ کر سنا دیا، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ آنکھ کی بینائی ایک دم سے ختم نہیں ہوسکتی، رانا ثنا اللہ کو جو لکھ کر دیا گیا انہوں نے وہ پڑھ کر سنا دیا، بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے لاپرواہی ہوئی ہے، جن ڈاکٹروں سے چیک اپ کروایا...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی ارکان سینیٹ سپیکر ڈائس کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں

وزیراعظم کا طارق رحمن سے ٹیلیفونک رابطہ، کامیابی پر مبارکباد، دورہ پاکستان کی دعوت

باہمی دلچسپی اور خطے کے امن و ترقی کے امور پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا، دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار

دونوں رہنماؤں نے بیگم خالدہ ضیا کی پاک بنگلا دیش تعلقات کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا، وزیراعظم آفس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے بنگلا دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کے سربراہ طارق رحمان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے طارق رحمان کو بنگلا دیش نیشنلسٹ پارٹی کی انتخابی کامیابی پر مبارکباد دی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: اپوزیشن رہنما محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر و دیگر پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر دھرنے میں شریک ہیں

وفاقی حکومت کا ملک بھر میں کالعدم تنظیموں کیخلاف گرینڈ آپریشن کا فیصلہ

وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں چاروں صوبوں کے آئی جی پولیس کی شرکت، امن و امان سے متعلق بریفنگ دی گئی

داعش کی پاکستان میں ممکنہ موجودگی کا خدشہ بھی زیر غور آیا، کالعدم تنظیموں کے سلیپر سیلز کے خلاف کارروائیوں کی حکمت عملی پر مشاورت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں کالعدم تنظیموں کیخلاف گرینڈ آپریشن کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق جمعہ کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں چاروں صوبوں کے آئی جی پولیس نے شرکت کی اور انہوں نے صوبوں میں امن و امان سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ملک بھر میں کالعدم تنظیموں کے خلاف گرینڈ آپریشن کا فیصلہ کیا گیا اس دوران داعش کی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: بسنت کے موقع پر شہری چھتوں پر پتنگیں اڑانے میں مصروف ہیں

پارلیمنٹ جانیوالے تمام راستے بند، ارکان اسمبلی کو روک لیا گیا، پولیس کی بھاری نفری تعینات، سینیٹ میں بانی کی صحت سے متعلق قرارداد مسترد، اپوزیشن کا احتجاج

بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل کریں، اپوزیشن کا دھرنا — عمران خان کو اسلام آباد جیل منتقل کیا جائیگا، محسن نقوی

جیل کے اندر تمام طبی سہولیات موجود ہیں، عمران خان کو سزا اسلام آباد کی عدالت سے ہوئی، دو ماہ میں اسلام آباد جیل مکمل ہو جائے گی جس کے بعد بانی پی ٹی آئی کو وہاں منتقل کیا جائے، وفاقی وزیر داخلہ

تحریک انصاف کا پارلیمنٹ میں دھرنا جاری رہا، پولیس نے اپوزیشن ارکان اسمبلی کو پارلیمنٹ لاجز سے بھی نکلنے سے روک دیا، پی ٹی آئی قیادت اندھیرے کے باعث پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر بیٹھی رہی

اگر تمام دروازے بند کیے تو ہم یہیں پارلیمان کے سامنے احتجاج کریں گے، بیرسٹر گوہر، عمران خان کی 80 فیصد سے زائد بینائی ختم ہوگئی، انہیں ان کی مرضی کے ہسپتال منتقل کیا جائے، محمود اچکزئی

سینٹ میں قرارداد مسترد ہونے پر پی ٹی آئی سینیٹرز چیئرمین ڈائس کے سامنے جمع ہوگئے، نعرے بازی، سپریم کورٹ میں مکمل یقین دہانی کرائی ہے جس ڈاکٹر سے کہیں گے چیک اپ کرایا جائے گا، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد کی جیل مکمل ہوگی تو بانی پی ٹی آئی عمران خان...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعہ کو پاکستان تحریک انصاف کا پارلیمنٹ میں دھرنا جاری رہا، اپوزیشن قیادت بھی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کیساتھ سلوک سے نفرتیں بڑھیں گی، سہیل آفریدی

ہمارے وزراء کے گریبان ہاتھ ڈال کر پھاڑے گئے، رویہ درست نہیں، وزیراعلیٰ کے پی

مراد سعید ہمارا بڑا، بات ہوا میں نہیں پھینکی جاسکتی، خیبرپختونخوا ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بانی عمران خان کیساتھ حکومتی رویہ خطرناک بات ہے، اس سے نفرتیں اتنی بڑھ جائیں گی کوئی سنبھالنے والا نہیں ہوگا۔ خیبرپختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمیں یہاں روکا جا رہا ہے آگے نہیں دیا جا رہا، وہ لوگ کوئی وجہ نہیں...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سیاسی لیڈر، صحت کی تمام سہولیات فراہم کی جائیں، فضل الرحمن

سیاسی اختلافات کو دشمنی یا تنازعات کی اس حد تک نہ پہنچائیں جہاں عوام کی زندگیوں کو مشکلات اور سماجی نظم و ضبط کو نقصان پہنچے

پورے خیبر پختونخوا بالعموم اور ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس فورس پر دہشتگردوں کے حملوں نے سوسائٹی کو ہلا کر رکھ دیا ہے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی اور ہماری مشرقی روایات کا تقاضہ یہی ہے کہ ایک بڑی سیاسی جماعت کے لیڈر عمران خان کو جیل کے اندر صحت کی تمام تر سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں اور انہیں اپنی مرضی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

میر سرفراز بگٹی کا مولانا عبدالغفور حیدری کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

اسٹاف آفیسر نے ہسپتال جا کر مولانا کی خیریت دریافت کی، وزیراعلیٰ کا پیغام پہنچایا

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مولانا عبدالغفور حیدری کی عیادت اور صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے ان کی...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی تکلیف پر سیاست مجرمانہ، ہر ممکن علاج کرائینگے، طارق چوہدری

چیف جسٹس آف سپریم کورٹ خود اس کیس کو دیکھ رہے ہیں، جہاں کہیں گے بانی کی آنکھ کا معائنہ کرایا جائے گا

احتجاج پارلیمنٹیرینز کا حق ہے، اس کیس کو سیاسی انداز میں نہ اچھالا جائے اور نہ ہی سیاست کی جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی تکلیف پر سیاست مجرمانہ کوشش ہے، جیل حکام اور حکومت کے کہنے پر پھر میں علاج ہوا، آئندہ بھی ہر ممکن علاج کرائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ کسی بھی قیدی کی دیکھ بھال نہ ہو رہی ہو تو اس کے ذمہ دار ہم ہیں، بانی پی ٹی آئی سے ہماری کوئی ذاتی دشمنی نہیں، ہمارے بانی پی ٹی آئی سے صرف سیاسی اختلافات ہیں...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا عبدالغفور حیدری عارضہ قلب میں مبتلا، ہسپتال داخل

گزشتہ شب دل کا دورہ پڑنے پر اسلام آباد کے نجی ہسپتال منتقل کیا گیا

مولانا فضل الرحمن، مولانا عبدالواسع، کامران مرتضیٰ و دیگر کی عیادت

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ف کے مرکزی رہنما مولانا عبدالغفور حیدری دل کے عارضے میں مبتلا ہوگئے، دل کا دورہ پڑنے پر ہسپتال داخل کرا دیا گیا۔ جمعیت علما اسلام کے مطابق گزشتہ شب مولانا عبدالغفور حیدری کو دل کا دورہ پڑا، جس کے باعث انہیں اسلام آباد کے ایک نجی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن، صوبائی امیر بلوچستان مولانا عبدالواسع، سینیٹر کامران مرتضیٰ اور دیگر رہنماؤں نے ہسپتال میں ان کی عیادت کی۔ جمعیت علما اسلام کی جانب سے تمام...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عدم تشدد ہی معاشرے کی ترقی و خوشحالی کا واحد راستہ ہے، گورنر

میر چاکر خان یونیورسٹی سبی و گردونواح سمیت بلوچستان کے بھر کے ہونہار طلباء و طالبات کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں

نوجوان ملک کو عظیم تر بنانے کیلئے صلاحیتیں بروئے کار لائیں، جعفر مندوخیل کی لیبر ونگ ن لیگ کے وفد سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عدم تشدد معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کا واحد راستہ ہے علم کی روشنی سے ہی تشدد کے خاتمہ اور ملکی ترقی میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے میر چاکر خان یونیورسٹی سبی و گردونواح سمیت بلوچستان کے ہونہار طلباء و طالبات کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بسنت میلہ جوش و جذبے کیساتھ جاری

آسمان رنگ برنگی پتنگوں سے سج گیا، میلہ مزید دو دن تک چلے گا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بسنت کا تہوار روایتی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جس کے تحت شہر میں رنگ برنگی پتنگوں سے آسمان سج...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

این اے 256: الیکشن کمیشن نے انتخابی شیڈول جاری کردیا

نشست اختر مینگل کے استعفے کے بعد خالی ہوئی، پولنگ 5 اپریل کو ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے رکن قومی اسمبلی محمد اختر مینگل کے استعفے سے خالی ہونے والی نشست NA-256 خضدار میں ضمنی انتخاب کا شیڈول...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ کے باہر دھرنے پر بیٹھے ہوئے ہیں

برطانیہ میں ویلنٹائن ڈے کی تیاریاں عروج پر

لندن (م ڈ) برطانیہ میں ویلنٹائن ڈے منانے کیلئے تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں، جبکہ پھول فروشوں کے پاس جہاں ابتدائی آرڈرز موصول ہو رہے ہیں وہیں انکی مانگ میں حیرت انگیز طور پر اضافہ دیکھا گیا ہے۔ 14 فروری...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی: بارودی سرنگ پھٹنے سے کالعدم تنظیم کا کمانڈر ساتھیوں سمیت زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی پیرکوہ ڈوڈی میں بارودی مواد پھٹنے سے کالعدم تنظیم کا مقامی کمانڈر اپنے دو ساتھیوں سمیت شدید زخمی ہوگیا ذرائع کے مطابق جمعہ کے روز ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ ڈوڈی...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں زلزلے کے شدید جھٹکے

شدت 5.6 ریکارڈ، مرکز خضدار سے 86 کلومیٹر دور شمال مشرق میں تھا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں خضدار، اوستہ محمد، سبی، جھل مگسی اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے اس بار بھی انکار کیا تو پھر کہانی مختلف ہوگی، ٹرمپ

امریکا ایران کے ساتھ ڈیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ہمیں معاہدہ کرنا ہی ہوگا، ورنہ صورتحال بہت تکلیف دہ ہوجائے گی

اپریل میں چین کا دورہ کرینگے، چینی صدر سے ملاقات متوقع ہے، دونوں ممالک کے درمیان بات چیت جاری ہے، بیان

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے پر بڑا بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا ایران کے ساتھ ڈیل کرنے کی کوشش کر رہا...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا فضل الرحمن اور مولانا عبدالواسع ہسپتال میں مولانا عبدالغفور حیدری کی عیادت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ میں عمران خان کے 6 مقدمات سماعت کیلئے مقرر

بشریٰ بی بی اور شاہ محمود قریشی کا بھی ایک ایک کیس سماعت کے لیے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے 6 کیسز، بشریٰ بی بی اور شاہ محمود قریشی کے ایک...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں جاں بحق 3 پاکستانیوں کی لاشیں وطن پہنچ گئیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران میں جاں بحق تین پاکستانیوں کی لاشیں پاکستان پہنچ گئیں۔ شناخت...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

آن لائن بزنس میں سیلز ٹیکس جمع کرنے کا نیا طریقہ نافذ

اب آن لائن شاپنگ آرڈرز پر سیلز ٹیکس سورس پر کاٹا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ای کامرس میں ٹیکس چوری روکنے اور زیادہ شفافیت لانے کے مشن کے تحت ایف بی آر نے آن لائن بزنس میں سیلز ٹیکس جمع...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم اور صدر متحدہ عرب امارات کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

شہباز شریف نے مشکل حالات میں پاکستان کی غیر متزلزل حمایت پر شکریہ ادا کیا

دونوں رہنماؤں کا باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ محمد بن زاید النہیان سے ٹیلیفون پر...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش نیشنلسٹس کی دو تہائی اکثریت، جے آئی کی 68 نشستیں

نیشنلسٹ پارٹی کے سربراہ و وزارت عظمیٰ کے امیدوار طارق رحمان کی کارکنوں سے جشن کی بجائے ملکی بہتری کیلئے دعاؤں کی اپیل

جماعت اسلامی نے شکست تسلیم کرلی، مثبت اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے، سربراہ، انتخابات ڈرامہ ہیں، شیخ حسینہ

ڈھاکہ (م ڈ) بنگلا دیش میں ہونے والے تاریخی عام انتخابات میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کر لی ہے۔ مقامی میڈیا کے مطابق بی این پی کی قیادت میں اتحاد نے 300 رکنی پارلیمنٹ میں 209 نشستیں جیت کر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پاک انڈیا کرکٹ میچ بڑی سکرین پر دکھانے کا فیصلہ

محکمہ کھیل کی جانب سے ایوب اسٹیڈیم میں سکرین لگائی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ کھیل بلوچستان نے 15 فروری کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے میچ کو بڑی اسکرین...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی 20 ورلڈ کپ: زمبابوے نے آسٹریلیا کو شکست دے دی

زمبابوے کے 169 رنز کے جواب میں آسٹریلیا کی ٹیم 146 رنز بنا کر آؤٹ

کولمبو (م ڈ) ٹی 20 ورلڈ کپ کے گروپ میچ میں زمبابوے نے بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے سابق ورلڈ چیمپئن آسٹریلیا کو شکست دیدی۔ کولمبو کے آر پریماداسا اسٹیڈیم...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ایئر چیف مارشل کی انڈونیشین صدر، وزیر دفاع سے ملاقاتیں، ایرو اسپیس شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق

انڈونیشیا کی پاک فضائیہ کے جنگی تجربے اور تربیتی مہارت پر آپریشنل اور فلائنگ ٹریننگ میں معاونت کی خواہش کا اظہار

چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کو تمام مقامات پر گارڈ آف آنر پیش، انڈونیشیا کا اعلیٰ ترین اعزاز "میڈل آف آنر" بھی عطا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی انڈونیشین صدر سے ملاقات ہوئی جس میں دونوں نے دفاعی تعاون کے فروغ پر زور دیا، انڈونیشین صدر نے پاک فضائیہ کے جدید تربیتی نظام اور ایرو اسپیس ترقیاتی ڈھانچے سے استفادہ کرتے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

قوم پرست جماعتیں صرف بغض سرفراز میں زندہ ہیں، شاہد رند

وزیراعلیٰ مسائل کا حل چاہتے ہیں، نعروں کی سیاست نہیں کرتے، پیغام

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں اب قوم پرست جماعتیں...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے پی ہاؤس کے باہر آگ جلا کر بیٹھے ہوئے ہیں

عمران خان کی آنکھ کا سن کر بہت دکھ ہوا، شاہ محمود قریشی

سیکیورٹی نہ ہونے کی سے چیک اپ کے لیے ہسپتال نہیں لے جایا جا رہا ہے

جیل میں کسی کی بینائی چلی جائے تو اس کی ذمہ دار انتظامیہ و حکومت پنجاب ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے آنکھ کی خرابی پر دکھ کا اظہار کرتے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

قیدی کی منتقلی کے دوران مسلح افراد کا حملہ، بدنام زمانہ ڈکیت ہلاک

قتل کے متعدد مقدمات میں مطلوب سردار فقیر کو پشین سے چمن منتقل کیا جا رہا تھا، ژڑہ بند میں قیدی وین پر 20 افراد نے حملہ کردیا

حملہ آور 4 گاڑیوں میں سوار، راکٹ لانچر اور کلاشنکوف سمیت بھاری اسلحہ سے لیس تھے، 1 پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا، ایس پی



کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بدنام زمانہ ڈکیت، اغوا کار، بھتہ خور، قتل کی کئی وارادات کرنے والا فقیر ہلاک ہوگیا۔ ایس پی عبداللہ عمران چیمہ نے بتایا کہ 12 اور 13 فروری 2026 کی درمیانی شب سردار فقیر جو قتل کے مختلف مقدمات میں مطلوب تھا کو ضلع پشین سے چمن منتقل کیا جا رہا تھا دوران منتقلی ژڑہ بند کے قریب چار مختلف گاڑیوں نے قیدی وین کا تعاقب کرتے ہوئے اسے روک لیا ان گاڑیوں میں تقریباً 15 سے 20 نامعلوم مسلح افراد سوار تھے جو مختلف...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوسٹ گارڈز کی کارروائی، بھاری مقدار میں منشیات و چاندی برآمد

پکڑی گئی منشیات اور چاندی کی عالمی مارکیٹ میں مالیت تقریباً 33.13 ملین امریکی ڈالر کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے

لسبیلہ کے قریب روڈ چیکنگ کے دوران اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام، کارروائیوں کا سلسلہ بدستور جاری رہیگا، ترجمان

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کے عملے نے بلوچستان کے علاقے لسبیلہ میں منشیات اور چاندی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے مختلف کارروائیوں میں کروڑوں روپے کی بھاری مقدار میں منشیات اور چاندی قبضے میں لے لیں کوسٹ گارڈز کے ترجمان کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز نے ایک ماہ کے دوران بلوچستان میں مختلف...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت اور پی ٹی آئی "کچھ دو کچھ لو" پر کام کر رہے، محمد علی درانی

صدر مملکت، سابق وزیراعظم کو متحدہ عرب امارات بھجوانے میں کردار ادا کر سکتے ہیں

نوازشریف اپوزیشن کو اپنے ساتھ انگیج کر کے مفاہمت کا کردار ادا کر رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینئر سیاستدان اور سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سابق وزیراعظم اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کو متحدہ عرب امارات بھجوانے میں کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اس وقت حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان "کچھ دو کچھ لو" کے اصول کے تحت معاملات چل رہے ہیں...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اہلیہ کو تاحیات الگ پورشن میں رکھیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کا شوہر کو حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں 3 سالہ قانونی جنگ کے بعد میاں بیوی کے درمیان صلح ہوگئی، عدالتی حکم نامے پر میاں بیوی نے اکٹھے رہنے کی رضامندی کے دستخط کردیے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں 15 فروری کو بارش کا امکان

رمضان سے قبل مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک کے جنوبی حصے پر اثر انداز ہوگا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں رمضان سے قبل مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک کے جنوبی حصے پر اثر انداز ہونے کا امکان ہے 15 فروری کو ایران سے مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ بلوچستان میں داخل ہوسکتا ہے، جو کوئٹہ اور اس کے...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار

26 نومبر احتجاج کیس کی سماعت 16 فروری تک ملتوی، جج چھٹی پر چلے گئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) 26 نومبر احتجاج کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کیخلاف جاری...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

لکی مروت میں دہشت گردوں کا کواڈ کاپٹر سے پولیس پر حملہ

دو اہلکار زخمی، علاقے میں سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا

پولیس نے کارروائی کے دوران دہشت گردوں کا ایک کواڈ کاپٹر مار گرایا

لکی مروت (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے ضلع لکی مروت میں فتنہ الخوارج کی جانب سے کواڈ کاپٹر کے ذریعے پولیس پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہوگئے۔ نیوز کے مطابق خیبرپختونخوا کے ضلع لکی مروت میں فتنہ الخوارج کے کواڈ کاپٹر حملے میں زخمی پولیس اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کرتے ہوئے خلیفہ گل نواز (KGN) ہسپتال منتقل...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

عادل بازئی کو کینسر کی خبروں میں صداقت نہیں، ترجمان

ایم این اے خیریت سے ہیں، احباب کی دعاؤں کے مشکور ہیں، بیان

کوئٹہ (این این آئی) رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی کے ترجمان نے کہا ہے کہ رکن اسمبلی عادل خان بازئی بالکل خیریت سے ہیں انہیں کینسر سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ الحمدللہ پی ٹی آئی کے رکن قومی...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ہمارا مشترکہ گھر، اسکی حفاظت خون سے کرینگے، نور محمد دمڑ

دہشتگردوں کیلئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں، ہم افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں

سٹیٹ پالیسی کی مکمل حمایت کرتے ہیں، وزیر خوراک کا سنجاوی میں پاکستان و پاک فوج زندہ آباد ریلی سے خطاب

سنجاوی (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں سنجاوی میں پاکستان و پاک افواج زندہ باد ریلی نکالی گئی ریلی میں ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی اور مختلف مکاتب فکر کے ہزاروں افراد نے سبز ہلالی پرچموں کے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب/نوکنڈی: ایف سی کی کارروائی، 274 افغان باشندے گرفتار

16 خواتین اور 26 بچے بھی شامل، قانونی کارروائی کے بعد متعلقہ حکام کے حوالے کیا جائے گا

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) نوکنڈی میں تفتان رائفلز ہیڈکوارٹر نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 274 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا، جن میں 16 خواتین اور 26 بچے شامل ہیں۔ سیکورٹی حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد کے کوائف کی جانچ جاری ہے اور...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سنجاوی: صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اور ڈی سی عبدالقدوس پاکستان زندہ آباد ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بجلی کی غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ کی لپیٹ میں، شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

بجلی کی آنکھ مچولی اب معمول بن چکی ہے، جبکہ اکثر تکنیکی خرابی کا جواز پیش کر کے گھنٹوں بجلی بند رکھی جاتی ہے

شہر کے وسطی علاقے جان محمد روڈ سمیت ملحقہ محلوں میں گزشتہ آٹھ گھنٹوں سے بجلی کی فراہمی معطل ہے، شہریوں کی گفتگو

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ایک بار پھر غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کی لپیٹ میں ہے، جہاں شہر کے وسطی علاقے جان محمد روڈ سمیت ملحقہ محلوں میں گزشتہ آٹھ گھنٹوں سے بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی آنکھ مچولی اب معمول بن چکی ہے، جبکہ تقسیم کار کمپنی کی جانب سے اکثر تکنیکی خرابی کا جواز پیش کر کے گھنٹوں بجلی بند رکھی جاتی ہے۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے نہ صرف گھریلو زندگی کو متاثر کیا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔

کوئٹہ: سریاب روڈ کے معززین کا سٹلمنٹ سے متعلق درخواستیں جمع کرانے کے موقع پر گروپ فوٹو

گورگ موضع ویالہ کی سٹلمنٹ عدالتی فیصلے تک روکی جائے

سینکڑوں معتبرین نے تحصیلدار کے پاس معترضانہ درخواستیں جمع کرادی

مسترد شدہ انتقال کی ڈیمارکیشن نہ دیتے ہوئے اسے فوری کینسل کیا جائے

پاکستان بھیڑ قائم رہنے کیلئے وجود میں آیا ہے

وائلدین پریس کلب کے سابق صدر حاجی عبدالستار کشانی انتقال کرگئے

حاجی عبدالستار کشانی کی صحافتی خدمات ناقابل فراموش ہیں، ملک دلمراد محمد حسنی

وائلدین پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ حاجی عبدالستار کشانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

تربت یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس شاہ بیگ کی والدہ انتقال کرگئیں

عمران خان کی صحت سے متعلق عوام کو شدید تشویش ہے، رحیم کاکڑ

حکمران بانی قائد کی عوامی طاقت سے خوف زدہ ہیں، سابق میئر کوئٹہ

ادبیات اطفال کے 50 سال۔ ریڈیو کا عالمی دن اور ریڈیو زون کا مشاعرہ

کوئٹہ: تنظیم کے عہدیداران پریس کانفرنس کر رہے ہیں

48 دنوں سے پرامن احتجاج کر رہے ہیں، ریٹائرڈ فیڈرل لیویز ملازمین

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ہمارے دیرینہ مطالبات تسلیم کرنے کا وعدہ پورا کریں

کلی حق آباد سریاب کا ٹرانسفارمر 20 دن بعد بھی مرمت نہ ہوسکا، علاقہ مکین اندھیرے کا راج

سرشام پورا علاقہ اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے، گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

کیسکو کے اعلیٰ حکام متعلقہ سب ڈویژن کی عدم توجہی کا نوٹس لیتے ہوئے مسئلہ حل کرکے صارفین کی مشکل آسان کرائیں

بسنت منائی گئی، شوقینوں نے لاکھوں روپے کی پتنگیں خرید لیں

ہدایت اللہ کاکڑ کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

مزدور تنظیموں کے مشترکہ اجلاس میں لیبر پالیسی پر غور کیا گیا

حقوق کے تحفظ، روزگار کے مواقع، سوشل سکیورٹی پر مشاورت کی گئی

ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی کی ڈی سی کوئٹہ مہراللہ بادینی سے ملاقات

لاپتہ بھائی سے ہمارے خاندان کا کوئی تعلق نہیں ہے، ملک فہیم شاہوانی

صارفین بجلی کی شکایات 118 پر فون یا 8118 میسج کر سکتے ہیں، کیسکو

وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے زیر تعمیر گودام کا معائنہ کیا

اظہار وجوہ نوٹس زیر دفعہ (7)

معتمد محکمہ ملازمتہائے و عمومی نظم و نسق مجاز اتھارٹی

PRQ No 3751/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION OF AUCTION.

with Reference to advertisement published in Daily newspapers vide PRQ No. 3611/04-02-2026 published on dated 04/02/2026 on the subject cited above. The auction of Agriculture and Cooperative department is here by cancelled / Postponed. New date for auction will be announced later on.

Director General
Agricultural Engineering
Department Balochistan Quetta

PRQ No.3747/13-2-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252602974463, TSE-252602974423, TSE-252602974363

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Jaffarabad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 3% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR & MAINTENANCE OF ROADS SULEMAN TAJ MUHAMMAD GOTH SATTAR KATOHAR DISTRICT JAFFARABAD (LENGTH 1.77 KM)	24,750,331
2	REPAIR & MAINTENANCE OF ROADS SIM TO KASHMIR KOT DISTRICT JAFFARABAD (LENGTH 1.77 KM)	24,750,331
3	REPAIR & MAINTENANCE OF ROADS IN KASHMIR KOT DISTRICT JAFFARBAD (LENGTH 1.50 KM)	16,694,635

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 70% of each Amount in 1 subsequent previous year showing financial capacity of the firm Power of Attorney authorizing a person to submit the Bid. The Bid must accompany a power of Attorney issued by authorized representative of the Firm / company having the name and CNIC No of the person to whom Power of Attorney is issued. A duly notarized affidavit on Rs. 100/- stamp paper in favor of the Procuring Agency, mentioning Tender TSE No. and title of work, confirming true and correct information, and reserving the right to initiate proceedings if any document is found forged. Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest, no blacklisted, no major litigation, no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **02 March, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **02 March, 2026** till **12:00 PM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **01:00 PM Address:** Office of Executive Engineer Roads CW, PP&H Department tehsil road near DHQ Hospital District Jaffarabad **Phone no:** 03332767427 **Email:** bostankhan71@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (ROAD)
CW,PP&H DEPARTMENT
DISTRICT JAFFARABAD

PRQ No.3766/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

UNITED NATIONS DEVELOPMENT PROGRAMME

Request for Proposals

Name of the Solicitation	Description
UNDP-RFP-2026-036; Promoting Social Cohesion amongst displaced hosting and vulnerable communities in district Peshawar.	Promoting Social Cohesion amongst the displaced, host and vulnerable communities in district Peshawar through youth dialogues, sports and cultural events for men and women.

The United Nations Development Programme invites qualified firms/organizations to submit their proposals by the **deadline of 26-February 2026 @ 05:00 AM (New York time)**

The detailed solicitation documents along with all annexures are available online and can be downloaded from our website:

UNDP website notification:
https://procurement-notices.undp.org/view_negotiation.cfm?nego_id=42754

For further info, contact email
pak.procurement@undp.org

CANCELLATION OF TENDER

The notice inviting tender (NIT) of following Development Schemes was published in NEWS Paper vide PRQ No.3066/02.01.2026 which are open on 23rd February-2026. The Development Schemes has been cancelled due transferred from CW,PP&H Building Department to PMU.

S.#	Name of work
1	UPGRADATION OF 50 MIDDLE SCHOOLS TO HIGH LEVEL IN BALOCHISTAN PSDP No. 5292 Z.2025.2331 GGMIDS WAHI RAWMIN DISTRICT JHAL MAGSI BEMIS Code 12934 **TSE-252601935863**
2	UPGRADATION OF 100 PRIMARY SCHOOLS TO MIDDLE LEVEL IN BALOCHISTAN (PSDP No. 5274 Z.2025.2330) GGPS SHAH NAWAZ CHAN DISTRICT JHAL MAGSI BEMIS CODE 11640 **TSE-252601935943**
3	UPGRADATION OF 100 PRIMARY SCHOOLS TO MIDDLE LEVEL IN BALOCHISTAN (PSDP No. 5274 Z.2025.2330) GGPS BUJERANI DISTRICT JHAL MAGSI BEMIS CODE 10215 **TSE-252601936023**

Executive Engineer
CW,PP&H Building Department
Jhal Magsi

PRQ No.3757/13-2-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار شورو غوغا لاوارث نقشیں اور دہشت گرد ملزمان

بمطابق پولیس رولز باب 23 فقرہ 18

324,353,186,PPC,4-5 EXP ,7-11F (i) -F (ii) ATA 15 E ARMS ACT

081-9213463 / 081-9213460

081-9202555 / 081-9202777

PRQ No 3754/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

وزیراعلیٰ کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی منزلیں طے کر رہا ہے، فیصل جمالی

عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عوام کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا

اقتدار ہماری منزل نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے، ترقی یافتہ بلوچستان کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی منزلیں طے کر رہا ہے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے عوام کی جان و مال کی تحفظ کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا اقتدار ہماری منزل نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی حکومت خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو میرٹ کے تحت روزگار کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے جلد ماسٹر پلان کے تحت ترقیاتی عمل کا آغاز ہوگا ان کا کہنا تھا کہ دیہی اور شہری علاقوں کو برابری کی بنیاد پر فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ ترقیاتی عمل سے عوام مستفید ہو سکے اور بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ضلع اوستہ محمد کے تمام افسران ایک دوسرے کے کوارڈینیشن میں رہے اور عوامی مسائل کو حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ملک دشمنوں کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی اس لیے بزدلانہ کاروائیاں کر کے خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے باشعور عوام اپنے دوست اور دشمن میں تمیز رکھتے ہیں ملک دشمنوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کر دی جائے گی انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی

سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عمران گچکی افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گڈانی: سات کلو چرس برآمد، دو ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، ایس ایچ او

گڈانی (یو این اے) گڈانی پولیس کی کاروائی منشیات اسمگلرز گرفتار سات کلو گرام چرس برآمد تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایت کی روشنی میں ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ کی نگرانی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں اس موقع پر ایس ایچ او گڈانی محمد قاسم کیھتران نے اپنے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ملزمان بلال احمد ولد میر محمد قوم پٹھان ساکن رحمت کالونی سری روڈ کوئٹہ ظاہر خان ولد محمد عثمان قوم سید ساکن سمنگلی روڈ کوئٹہ کر کے ملزمان کے قبضے سے گاڑی نمبر Bmv 769 ایکوا کار سے سات کلو گرام چرس برآمد کیا گیا ابتدائی اطلاعات کے مطابق منشیات کو کراچی اسمگلنگ کیا جا رہا تھا جسے گڈانی پولیس نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا مزید تفتیش جاری ہے ایک اور کاروائی میں گڈانی پولیس نے اشتہاری مقدمہ نمبر 2024/27 بمطابق 27 محرم الحرام دفعہ 324 ت پ و 34 ت پ میں مطلوب ملزم اشتہاری نور محمد ولد محمد اسلم ساکن غلام محمد گدور گوٹھ موضع کنڈ تحصیل گڈانی حال آلہ آباد تھانہ حب کو گرفتار کرلیا ملزم کو قانونی کارروائی کے بعد عدالت میں پیش کیا جائے گا واضح رہے کہ ایس ایچ او گڈانی نے چارج سنبھالتے ہی مختصر مدت میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت و موثر کاروائیاں شروع کر دی ہیں ان کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ افراد کتنا طاقتور کیوں نہ ہوں انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر کھڑا کیا جائے گا اور مجرموں سے کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کسی قسم کا کوئی رعایت دی جائے گی جرائم پیشہ افراد کو وارننگ دی جاتی ہے کہ وہ اپنی اپنی بلوں میں چھپ جائیں ورنہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے رہنے کے لیے تیار ہو جائیں۔

ڈیرہ اللہ یار: آگ لگنے سے مکان جل کر خاکستر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں آگ لگنے سے مکان میں موجود لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار سید بہادر شاہ کالونی میں گزشتہ شب محنت مزدوری کرنے والے پرویز کھوسو کے گھر اچانک آگ لگ گئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا گھر میں موجود لاکھوں روپے کا گھریلو سامان جمع پونجی، زیورات، اناج، بچوں کے کپڑے جل کر خاکستر ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور واقعے کے بارے میں معلومات حاصل کی جبکہ متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ ان کے پاس نہ تو کچھ کھانے کے لیے ہے اور نہ ان کی جسم ڈھانپنے کے لیے کپڑے ہیں محنت مزدوری کر کے گھر کا گزر بسر کر رہا تھا وہ آگ لگنے سے سب کچھ جل گیا انہوں نے حکومت اور مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ان کی مدد کریں۔

گوادر: ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمٰن پروگریس ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت رمضان میں قیمتوں کے استحکام کو یقینی بنائے، آئمہ و خطباء

رمضان میں صوبے کے تمام اضلاع میں پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو ذخیرہ اندوزی و گرانفروشی کو کنٹرول کرنے کا پابند کیا جائے، عبدالرحمن رفیق

عوام اس مہینے میں توبہ کریں، اللہ سے رجوع کریں، روزہ رکھیں، ہم ماہ صیام میں اللہ کے قریب ہونے کیلئے کوشش کرینگے، انوار الحق حقانی

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے مختلف مساجد کے آئمہ و خطباء نے کہا ہے کہ ماہ رمضان المبارک ایک مقدس اور برکتوں کا مہینہ ہے اس مہینے میں بحیثیت مسلمان ہم نے اللہ سے طلبگار اور مغفرت کرنے کی کوشش کرنی ہے لیکن بعض لوگ اس مہینے کو تجارت سمجھ کر روز مرہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ دوگنی قیمتوں پر روزداروں کو اشیا خورد ونوش کو فروخت کر رہے ہیں حکومت اور ضلعی انتظامیہ ایسے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کریں اور عوام کو اس مہینے میں ریلیف دینے کیلئے سرکاری سطح پر اقدامات اٹھائی جائے' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق 'قندھاری مسجد کے خطیب مولانا انوار الحق سابق صوبائی وزیر مولانا حافظ حسین احمد شورودی 'مفتی روزی خان اور مولانا محمد ایوب اور دیگر علماء کرام نے نماز جمعہ کے خطبات میں الگ الگ خطاب کرتے ہوئے کیا علماء کرام نے رمضان المبارک کے فضائل بیان کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پورے سال میں ایک مہینہ رمضان المبارک جیسے مقدس مہینہ مختص کیا ہے تاکہ مسلمان اس مہینے میں عبادت نفرتوں کا خاتمہ اور مسلمانوں کو قریب لانے کیلئے کوشش کریں یہ انتہائی اہم اور بابرکت مہینہ ہے ہمارے لیئے ایک موقع ہے کہ ہم اس مہینے میں توبہ کریں اللہ سے رجوع کریں روزہ رکھیں کیونکہ بحیثیت مسلمان ہم نے اس مہینے میں اللہ کے قریب ہونے کیلئے کوشش کرینگے اور دوسرے مسلمانوں کو بھی یہ ہدایت کرینگے کہ وہ اس مہینے میں اللہ سے رجوع اور جتنی بھی عبادت پر جزا دے سکتے ہیں وہ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم اکیلے کمرہ میں بیٹھ کر سب بھی روزہ رکھتے ہیں اور اس لیئے رکھتے ہیں کہ ایک تو فرض اور دوسری جانب اپنی گناہوں کی خاتمہ کیلئے رکھتے ہیں لیکن یہاں ہمارے صوبے میں لوگ اس مہینے کا فائدہ اٹھاتے ہیں

TENDER CANCELLATION NOTICE FOR MUNICIPAL COMMITTEE DUREJI

It is noted that NIT was published through Letter No. No. 504 /Dev./MCD/2025, TSE TSE-252610887683, TSE-252610888383, TSE-252610888353, TSE-252610888403, TSE-252610888413, TSE-252610888423, TSE-252610888483, TSE-252610888493, TSE-252610888773, TSE-252610888783, TSE-252610888823, TSE-252610888883, TSE-252610888923, TSE-252610888953, TSE-252610888993, TSE-252610889113, TSE-252610889223 & TSE-252610889343 vide Advertisement AB No. 343 dated 07-10-2025, is hereby cancelled. The tender will be re-uploaded for fresh participation. Interested bidders are advised to await further notifications for the new tender schedule.

Chief Officer
Municipal Committee
Dureji

AB No.850/13-2-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

sealed gallop tender are invited from the approved Government Contractor/Firm of Public Health Engineering Department Balochistan registered with BPPRA who enlisted / renewal are their name for the current financial year 2025-26 for the following works

S.	Name of Work	Qty	Estimated Cost	E/Money in shape of CDR	Challan Fee	Time Limit	TSE No.
1	CONSTT ALONGWITH SOLAR SYSTEM FOR WSS NEAR CRICKET STADIUM/ZAHOOR ABAD NUSHKI. BSDI PHASE-II						
1	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE 600 Ft	1 Job	4.939 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961703
ii	C/Work.	1 Job					
2 ii	S/I of Solar System S/O Pipe	1 Set 1700 Rft	4.961M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961763
2	CONSTT ALONGWITH SOLAR SYSTEM FOR WSS KILLI NIAL KHAN NUSHKI. BSDI PHASE-II						
1	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE 500 Ft	1 Job	4.498 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961773
ii	C/Work.	1 Job					
2 ii	S/I of Solar System S/O Pipe	1 Set 3100 Rft	5.401 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961793
3	CONSTT ALONGWITH SOLAR SYSTEM FOR WSS KILLI SHAKARAP NUSHKI. BSDI PHASE-II						
1	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE 850 Ft	1 Job	6.511 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961813
ii	C/Work.	1 Job					
2 ii	S/I of Solar System S/O Pipe	1 Set 850 Rft	3.388 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601962303
4	CONSTT ALONGWITH SOLAR SYSTEM FOR WSS KILLI ZARAIN JUNGLE NUSHKI. BSDI PHASE-II						
1	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE 400 Ft	1 Job	3.965 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961833
ii	C/Work.	1 Job					
2 ii	S/I of Solar System S/O Pipe	1 Set 4000 Rft	5.934 M	2%	2000/-	30-06-2026	252601961843

The office of the Executive Engineer PHE District Nushki invites technical proposal of Contractors/firms along with sealed financial proposals (Single Stage-One Envelope) for above mentioned works .All interested bidders are required to submit documents as per following briefs in support of their technical/Financial proposal: The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory, Rules 2014.and Pakistan Engineering Council By-Laws **ELIGIBILITY OF BIDDERS:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **METHOD OF PROCUREMENT: (Single Stage –One Envelop)** bidding Procedure will adopted. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan form for an amount of Rs: 2000/- (Non-refundable) for each work shown against each deposited in the head of account **C02726-02** Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan Nushki or can be downloaded from the website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk) ,during working hour, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. The contractors/Firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to procedure deposited green Challan from of above mentioned Fee. The bids must accompanied bid security "Technical Bid" for each work in the form of call deposit are bank guarantee of amount specified above in the office name of the under signed from a scheduled bank. **No any Bank Drafts & Banker Check will be acceptable Deadline of submission:** Last date for submission of documents on date: **27-02-2026 at 11:00 AM Opening:** The Tender will be opened on the same day **27-02-2026 At 12:00 P.M** before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend with authority letter.

Bids Validity: Ninety (90) days Place: The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - The office of the Executive Engineer PHE District Nushki. **CONDITIONS All the terms and conditions can be seen/obtain in the Office of the undersigned in any office hours**

EXECUTIVE ENGINEER
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
DIVISION NUSHKI

PRQ No.3746/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کوئٹہ: بی پی اے ایف کے زیر اہتمام موسمیاتی پالیسی سے متعلق تقریب کے شرکا کا گروپ فوٹو

عوام کے تحفظ کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، خالد ہمدانی

اہم مقامات پر پولیس کی مزید نفری تعینات کر دی، سی پی او راولپنڈی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیکورٹی ہائی الرٹ، راولپنڈی اور اسلام آباد پولیس کی جوائنٹ سپیشل پکٹس کا قیام، سپیشل پکٹس پر سینکڑوں کی تعداد میں راولپنڈی پولیس کے افسران و اہلکاروں کی مزید نفری تعینات کر دی گئی، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کے ہمراہ جوائنٹ پکٹس کا وزٹ کیا اور سیکورٹی امور پر تبادلہ خیال کیا، افسران نے پکٹس پر تعینات نفری کو چیک کیا اور مستعدی کے ساتھ فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کے ہدایات دیں، بین الصوبائی شاہراہوں، موٹروے، جی ٹی روڈ اور تمام ملحقہ لنک روڈز پر پکٹنگ آپریشنل، شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی اور سنیپ چیکنگ جاری، سی پی او کا تمام سپروائزری افسران کو فیلڈ میں تعینات نفری وڈیوٹیز کی سخت نگرانی اور باقاعدہ سپرویژن یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور فول پروف سیکورٹی کو ہر صورت یقینی بنانے کے لیے تمام تر اقدامات بروئے کار لا رہی ہے۔

زیر تربیت افسران کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید کیمروں وودیگر سے متعلق بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایس ایس پی سیف سٹی اسلام آباد اویس خان، ڈائریکٹر سسٹم فراز معین اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن اسلام آباد میں زیر تربیت افسران کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر اور "پکار 15"- ایمرجنسی ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہری سلامتی، جرائم کے سدباب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے بھی لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وفد نے اسلام آباد پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر ایس ایس پی سیف سٹی اویس خان اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔

کوئٹہ میں نماز جمعہ کے اجتماعات، سیکورٹی انتظامات سخت

مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کی بھاری نفری تعینات رہی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کردی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بار گاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کھڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے

اوتھل میں آوارہ کتوں کی بڑھتی تعداد، بچوں پر حملوں کی اطلاعات

آوارہ کتوں کے خوف سے شہری پریشان، میونسپل کمیٹی سے فوری کارروائی کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) اوتھل شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لیے سنگین مسئلہ بن گئی ہے۔ مختلف علاقوں سے آوارہ کتوں کی جانب سے کمسن بچوں پر حملوں کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں اس وقت آوارہ کتوں کی بھرمار دکھائی دے رہی ہے۔ مغرب ہوتے ہی آوارہ کتے ٹولیوں کی صورت میں شہر کے مختلف محلوں اور سڑکوں پر دندناتے نظر آتے ہیں۔ متعدد علاقوں سے بچوں پر حملوں کی شکایات سامنے آئی ہیں، جس کے بعد والدین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث معمر افراد، خواتین اور بچوں کا گھروں سے نکلنا محال ہو چکا ہے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ اداروں اور چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اوتھل شہر میں فوری طور پر مؤثر اقدامات کیے جائیں، خصوصی مہم کا آغاز کیا جائے اور آوارہ کتوں کے تدارک کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کی جائے

اسلام آباد: شہری ویلنٹائن ڈے کیلئے گلدستے اور تحائف خرید رہے ہیں

کوئٹہ: سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جائیدادوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

TENDER NOTICE

The Government of Balochistan has been provided funds to finance the cost of the following Schemes, for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

S.No	TSE Number	Name of Work's	Estimated Cost	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	TSE-252602973083	CONSTRUCTION OF STONE MASONRY PROTECTION WALL AT KILLI KATEER DISTRICT QUETTA	Rs. 7,234,146/-	02 March, 2026 10:00 AM	11:00 AM
2	TSE-252602973263	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL AT MALAK JAMEEL STREET NAWA KILLI QUETTA	Rs. 29,842,635/-	02 March, 2026 10:00 AM	11:00 AM
3	TSE-252602973333	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL AND CHANNEL AT GHOTI SHELA KHAIZAI QUETTA	Rs. 29,844,775/-	02 March, 2026 10:00 AM	11:00 AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 Amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents Bid Security for all the above works is 2% of the estimated cost. Tender fees for all the above works is Rs. 1,000/- each. **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure for all bids. **Tender Documents**: The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. Address: B-PPRA EPPS SYSTEM Office Address & for corresponding: Office of The Executive Engineer Irrigation Division Quetta. Phone No. 081-9201074

EXECUTIVE ENGINEER,
IRRIGATION DIVISION QUETTA.

PRQ No.3767/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The EXECUTIVE ENGINEER PHE DIVISION MUSA KHAIL invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 3% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-252602973703	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE OF VARIOUS VILLAGES IN DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 March,2026 11:00 AM	12:00 PM	41,036,000
2	TSE-252602973643	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE OF VARIOUS VILLAGES IN DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 March,2026 11:00 AM	12:00 PM	30,737,400
3	TSE-252602973573	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE OF VARIOUS VILLAGES IN DISTRICT MUSAKHAIL UNDER BSDI PHASE-II FOR THE YEAR 2025-26	04 March,2026 11:00 AM	12:00 PM	30,903,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252602973703, TSE- 252602973643, TSE-252602973573) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Headquarter Musa Khail city
Phone no: 0828611131 **Email:** xenphemusakhail@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PHE DIVISION MUSA KHAIL

PRQ No.3765/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جیکب آباد میں تیز رفتار کار نے 3 سالہ بچی کو کچل ڈالا

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں تیز رفتار کار نے 3 سالہ بچی کو کچل ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے علاقے درگاہ پیر میہر شاہ کے قریب ایک تیز رفتار کار نے قصبہ منظور خان پنہور کے رہائشی صدام کی تین سالہ بیٹی واجدہ کو کچل کر ہلاک کر دیا، پولیس کے مطابق حادثہ جیکب آباد کے آباد تھانہ کی حدود میں پیش آیا جائے وقوعہ پر پہنچ کر پولیس نے کار کو روکا اور قانونی کارروائی شروع کر دی۔

نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جام کمال

آج کا دور مقابلے کا ہے، جس میں کامیابی کے لیے جدید علوم، آئی ٹی اور فنی مہارتوں کا حصول ناگزیر ہو گیا

طلبا وقت کی قدر، صلاحیتوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لائیں، گفتگو، اوتھل ریذیڈنشل کالج کے طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم

اوتھل (یو این اے) بلوچستان ریذیڈنشل کالج اوتھل کے سیکنڈ ائیر کے طلبا نے اپنے مطالعاتی دورہ اسلام آباد کے دوران وفاقی وزیر برائے تجارت نواب جام کمال خان سے ملاقات کی، جہاں پر انہوں نے طلبا کو تعلیم، مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر نواب جام کمال خان نے کہا کہ نوجوان قوم کا مستقبل ہیں اور ان کی معیاری تعلیم و تربیت ہم سب کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دور مقابلے کا ہے، جس میں کامیابی کے لیے جدید علوم، آئی ٹی اور فنی مہارتوں کا حصول ناگزیر ہے۔ انہوں نے طلبا کو نصیحت کی کہ وہ اپنے اہداف کا تعین واضح طور پر کریں اور وقت کی قدر کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلبا بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور اگر انہیں مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک و قوم کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے لیپ ٹاپ اور نقد انعامات بھی تقسیم کیے اور کالج کے پرنسپل پروفیسر مطیع الرحمان اور ان کی ٹیم کی تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کو سراہا۔ بعد ازاں وفاقی وزیر کی خصوصی ہدایت پر طلبا کو نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کا دورہ بھی کروایا گیا، جہاں انہیں جدید لیبارٹریز اور ٹیکنالوجی سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ طلبا کو اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلوں اور پیشہ ورانہ مواقعوں سے متعلق رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔ یہ دورہ طلبا کے لیے نہایت معلوماتی اور حوصلہ افزا ثابت ہوا۔

گوادر: اے ڈی سی ظہور احمد بلوچ بلاک شناختی کارڈز سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوتھل: فیضان نور مصطفیٰ جامع مسجد نورانی میں دستار بندی کی تقریب

حافظ ابوبکر گدور کی دستار بندی، حفظ قرآن مکمل کرنے پر علما و مشائخ کی مبارکباد

اوتھل (یو این اے) فیضان نور مصطفیٰ جامع مسجد نورانی میں دستار فضیلت کی ایک پروقار اور روحانی تقریب منعقد ہوئی، جس میں معززین شہریوں، علما کرام نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت ننھے دستار بند ہونے والے طالب علم حافظ ابوبکر گدور نے حاصل کی۔ خوش الحانی سے کی گئی تلاوت نے حاضرین پر روحانی کیفیت طاری کر دی اس موقع پر لسبیلہ کی معروف بزرگ روحانی شخصیت قاضی محمد اسماعیل قریشی، معروف عالم دین قاضی شفیع محمد اویسی، علامہ مولانا حافظ قاضی غلام حیدر نعیمی، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سردار رسول بخش برہ، وڈیرہ علی محمد گدور، محمد ایوب مصطفائی، علامہ مولانا نبی بخش دودا طاہری اور علامہ مولانا عطاء اللہ سلیمانی سمیت دیگر معززین شامل تھے۔ علماء و مشائخ نے حافظ ابوبکر گدور کی دستار بندی کی اور انہیں حفظ قرآن مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس کے علاوہ دیگر طلبہ میں بھی اسناد تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قاضی محمد اسماعیل قریشی نے کہا کہ قرآن مجید حفظ کرنا بہت بڑی سعادت ہے۔ انہوں نے حافظ ابوبکر گدور اور ان کے والدین کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حدیث مبارکہ کے مطابق حافظ قرآن شخص جنت میں اپنے ساتھ دس افراد کی شفاعت کا حق رکھتا ہے اور دنیا و آخرت میں کامیابی اس کا مقدر بنتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر عزیز و اقارب اور رشتہ داروں نے حافظ ابوبکر گدور کو نقد انعامات پیش کیے اور ان کے روشن مستقبل کے لیے دعا کی۔ تقریب روحانی ماحول اور دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی اور بعد ازاں پروگرام کے اختتام پر لنگر تقسیم کیا گیا۔

صحبت پور: مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور پولیس کی کاروائی 1996 میں قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی صحبت پور کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او ملک شبیر محمد علی اور پولیس نفری کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر ایک مکان پر چھاپہ مار قتل کے اشتہاری ملزم بٹے خان ولد کھلیری جاکرانی کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ملزم نے 1996 میں قتل کیا اور فرار ہوگیا تھا۔

ژوب: بھائی کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

لورالائی (آن لائن) ژوب سٹی پولیس اور سی آئی اے لورالائی ٹیم نے مطلوب ملزم سعد اللہ کو ژوب سے گرفتار کرلیا۔ ملزم چند روز قبل لورالائی میں اپنے بھائی کو قتل کیا تھا۔ گرفتار ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی منتقل کیا جائیگا۔

ڈی سی سی ایل ایس کبزئی ضلعی انٹیلی جنس کوآرڈی نیشن کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جائیدادیں قیمتی اثاثہ ہیں، سیکرٹری بلدیات

حاصل ہونے والی آمدن کو شفاف اور مؤثر انداز میں محکمہ بلدیات کے اداروں کے ذریعے شہریوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جانا چاہیے

جائیدادوں سے متعلق تمام قانونی و انتظامی رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، واجبات کی وصولی کو یقینی بنایا جائے، آفیسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ کی زیر صدارت میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جائیدادوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف میٹروپولیٹن آفیسر نظر زہری، ایڈیشنل سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی شاہ اللہ قریشی، ایڈمن آفیسر محکمہ بلدیات محمد شاہد، لا آفیسر عبداللہ ایڈووکیٹ سمیت محکمہ بلدیات و دیہی ترقی اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مختلف جائیدادوں، ان کے قانونی امور، لیز، کرایہ جات اور ریونیو سے متعلق معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ متعلقہ حکام نے جائیدادوں کی موجودہ صورتحال، درپیش مسائل اور آمدن میں اضافے کے امکانات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جائیدادیں ایک قیمتی اثاثہ ہیں اور ان سے حاصل ہونے والی آمدن کو شفاف اور مؤثر انداز میں محکمہ بلدیات کے اداروں کے ذریعے شہریوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریونیو میں اضافے کے ذریعے شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب و مرمت، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور گلیوں میں صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے جیسے اقدامات ترجیحی بنیادوں پر کیے جا رہے ہیں تاکہ کوئٹہ کے شہریوں کی روزمرہ زندگی میں مثبت اور واضح تبدیلی لائی جا سکے۔ سیکرٹری بلدیات نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جائیدادوں سے متعلق تمام قانونی و انتظامی رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے

CORRIGENDUM

Reference: Tender published under **PRQ No. 3609/04-02-2026** dated 05 February 2026.
With reference to the above-mentioned tender, the following schemes were published:

S.No	Name of Scheme	E/Cost
1	Rehabilitation And Restoration of Sanzala Karez Under BSDI Phase II 2025-26 **TSE-252602967283**	20.00 M
2	Rehabilitation Of Tarkha Dam Dist Pishin Under BSDI Phase II 2025-26 **TSE-252602967353**	48.00 M

It is hereby informed that the **Eligibility Criteria and Evaluation Criteria** for the above-mentioned schemes have been amended. The revised criteria have been uploaded on the BPPRA website. All eligibility requirements and detailed information are available in the tender documents, which can be downloaded from the BPPRA website. **Note:** All other terms and conditions, including date and time of submission and opening of bids, shall remain unchanged.

Executive Engineer
Irrigation Division
Pishin

PRQ No.3744/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The office of Chief Officer District Council Kohlu invites sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under Grant-in-aid. Call Deposit is 2%. Tender Fees is Rs. 1500 on name of District Council Kohlu Account#5121-6

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Purchase Of Sewing Machines in Different Areas in District Kohlu. *TSE-252602972541*	3.2 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage one envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Tender Documents**: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from **https://bppthree.vdc.services/tenderssearch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th February 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **27th February 2026** at the office of the undersigned at **11:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **12:00 P.M Address:** Office of Chief Officer District Council Kohlu.

Chief Officer
District Council Kohlu

AB No.845/13-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 14 فروری 2026ء

ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا ایجنڈا، جاری حکومتی اقدامات کا جائزہ !!

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی قیادت میں جاری پاکستان کا ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا ایجنڈا ماضی کے تیزی و تنزلی کے چکروں کو توڑنے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے وہ گزشتہ روز برٹش امریکن ٹوبیکو کے وفد سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کر رہے تھے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے کی بنیاد مالیاتی نظم و ضبط، ٹیکس نیٹ کی توسیع اور نفاذ و تعمیل کے مضبوط نظام پر مشتمل ہے۔ وزیر خزانہ نے گزشتہ دو برسوں میں نمایاں پیش رفت کا ذکر کیا جس میں بہتر مالیاتی اشاریے، مہنگائی میں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ اور بیرونی شعبے کے استحکام میں بہتری شامل ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے پیش گوئی کے قابل اور مستحکم ماحول فراہم کرنے کے لئے کلی معیشت کے نظم و ضبط کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے، پاکستان کی طویل المدتی ترقی کی حکمت عملی برآمدات میں توسیع پر مبنی ہے۔ انہوں نے برآمدی مسابقت بڑھانے اور ان شعبوں کو سہولت فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ دراصل پاکستان اس وقت ایک ایسے معاشی موڑ پر کھڑا ہے جہاں ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے مستقبل کی سمت کا تعین کیا جا رہا ہے۔ دہائیوں سے ہماری معیشت تیزی و تنزلی کے ایک ایسے چکر میں پھنسی رہی جس میں وقتی استحکام کے بعد شدید بحران جنم لیتا رہا۔ کبھی زرمبادلہ کے ذخائر کم ہوئے، کبھی کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بے قابو ہوا، کبھی افراط زر نے عوام کی کمر توڑ دی اور کبھی مالیاتی خسارہ خطرناک حدوں کو چھونے لگا۔ ایسے میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا یہ کہنا کہ وزیراعظم کی قیادت میں جاری ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا ایجنڈا ان چکروں کو توڑنے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے، نہ صرف حقیقت پر مبنی ہے بلکہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت بھی ہے وزیر خزانہ نے جس وضاحت اور اعتماد کے ساتھ حکومتی پالیسیوں کا ذکر کیا ہے وہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت اب وقتی اقدامات کے بجائے پائیدار اصلاحات پر یقین رکھتی ہے۔ مالیاتی نظم و ضبط، ٹیکس نیٹ کی توسیع، نفاذ و تعمیل کے مضبوط نظام اور لیکیجز کے خاتمے جیسے نکات محض بیانات نہیں بلکہ ایک جامع حکمت عملی کے بنیادی ستون ہیں۔ گزشتہ دو برسوں کی معاشی کارکردگی اس حکمت عملی کی کامیابی کا عملی ثبوت ہے۔ مہنگائی کی شرح جو ایک وقت میں عوام کے لئے سب سے بڑا عذاب بن چکی تھی، اب نمایاں طور پر کم ہوئی ہے۔ اشیائے خورونوش اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں استحکام نے نہ صرف عام آدمی کو کچھ ریلیف فراہم کیا بلکہ مارکیٹ میں اعتماد بھی بحال کیا ہے۔ افراط زر میں کمی کسی ایک فیصلے کا نتیجہ نہیں بلکہ سخت مالیاتی نظم و ضبط، محتاط مالی پالیسی اور بروقت اقدامات کا مجموعی ثمر ہے۔ اسی طرح زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ حکومت کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ ماضی میں بارہا ایسا ہوا کہ ذخائر چند ہفتوں کی درآمدات کے برابر رہ گئے اور ملک دیوالیہ ہونے کی افواہوں کی زد میں آ گیا۔ آج صورتحال مختلف ہے۔ بیرونی شعبے کے استحکام، برآمدات میں بہتری اور غیر ضروری درآمدات پر کنٹرول نے ذخائر کو تقویت دی ہے۔ اس سے نہ صرف روپے پر دباؤ کم ہوا بلکہ عالمی مالیاتی اداروں اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بھی بحال ہوا ہے۔ بیرونی شعبے کا استحکام کسی بھی ترقی پذیر ملک کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں ہو، زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوں اور ادائیگیوں کا توازن مستحکم ہو تو معیشت سانس لے سکتی ہے۔ موجودہ حکومت نے اسی پہلو پر خصوصی توجہ دی ہے۔ غیر ضروری سبسڈیز میں کمی، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، اور درآمدی بل کو کم کرنے کی کوششیں اسی سمت میں اقدامات ہیں۔ وزیر خزانہ نے مالیاتی نظم و ضبط کو اصلاحاتی ایجنڈے کی بنیاد قرار دیا۔ یہ ایک بنیادی حقیقت ہے کہ جب تک حکومت اپنے اخراجات اور آمدن کے درمیان توازن قائم نہیں کرتی، تب تک پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ بجٹ خسارے کو کم کرنا، غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پانا اور محصولات میں اضافہ کرنا ایک مشکل مگر ناگزیر عمل ہے۔ موجودہ حکومت نے اس مشکل راستے کا انتخاب کیا ہے، جس کے مثبت نتائج اب سامنے آ رہے ہیں۔ ٹیکس نیٹ کی توسیع اور نفاذ کے نظام کی مضبوطی پر خصوصی توجہ بھی قابل تحسین ہے۔ پاکستان میں ایک طویل عرصے تک ٹیکس کا بوجھ محدود طبقے پر پڑتا رہا جبکہ بڑی معیشت غیر دستاویزی صورت میں چلتی رہی۔ اب مصنوعی ذہانت سے چلنے والے سسٹم، اے آئی پر مبنی پیداواری نگرانی، اور ٹریک اینڈ ٹریس جیسے اقدامات اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے ٹیکس چوری کا خاتمہ کرنا چاہتی ہے۔ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹیکسٹائل اور مشروبات جیسے شعبوں میں سخت نفاذی اقدامات کے نتیجے میں محصولات میں اضافہ اور تعمیل میں بہتری اس اصلاحاتی عمل کی کامیابی کا ثبوت ہے مالیاتی استحکام کے لئے منصفانہ ٹیکس نظام ناگزیر ہے۔ اگر محصولات میں اضافہ نہیں ہوگا تو ترقیاتی منصوبے، سماجی بہبود کے پروگرام اور انفراسٹرکچر کی بہتری ممکن نہیں۔ وزیر خزانہ نے درست طور پر کہا کہ محصولات میں اضافہ مالیاتی استحکام کی بنیاد ہے، تاہم ساتھ ہی انہوں نے تعمیری مکالمے کے دروازے کھلے رکھنے کا عندیہ بھی دیا۔ یہ رویہ پالیسی سازی میں توازن اور مشاورت کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان کی طویل المدتی ترقی کی حکمت عملی کا محور برآمدات میں توسیع ہے۔ ماضی میں ہم نے قرضوں پر انحصار کر کے وقتی استحکام تو حاصل کیا، مگر برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ کر سکے۔ اب حکومت برآمدی مسابقت بڑھانے اور ویلیو ایڈڈ مصنوعات کو فروغ دینے پر زور دے رہی ہے۔ تمباکو سمیت دیگر شعبوں میں برآمدی استعداد کو بروئے کار لانا اسی حکمت عملی کا حصہ ہے عالمی منڈیوں میں مواقع تلاش کرنا ایک مثبت پیش رفت ہے۔ ادارہ جاتی اصلاحات کسی بھی معاشی بحالی کی بنیاد ہوتی ہیں۔ اگر ادارے مضبوط ہوں، پالیسیوں میں تسلسل ہو اور قوانین پر عمل درآمد یقینی ہو تو سرمایہ کار خود بخود متوجہ ہوتے ہیں۔ وزیر خزانہ کا یہ موقف کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے پیش گوئی کے قابل اور مستحکم ماحول فراہم کرنا ناگزیر ہے، مکمل طور پر درست ہے۔ سرمایہ کار غیر یقینی صورتحال سے گریز کرتے ہیں۔ جب انہیں معلوم ہو کہ پالیسیوں میں تسلسل ہوگا اور قوانین یکساں طور پر نافذ ہوں گے تو وہ طویل المدتی سرمایہ کاری کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ گزشتہ دو برسوں میں بہتر مالیاتی اشاریے، مہنگائی میں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ اور بیرونی شعبے کے استحکام میں بہتری دراصل اس امر کا ثبوت ہیں کہ موجودہ حکومت کا اصلاحاتی ایجنڈا درست سمت میں گامزن ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ اصلاحات کا یہ سفر کسی دباؤ یا وقتی سیاسی مصلحت کا شکار نہ ہو۔

بنگلہ دیش کے انتخابات پر میرے دل کو لاحق خدشات

برملا — نصرت جاوید

جمعرات کی صبح اٹھ کر یہ کالم لکھ رہا ہوں۔ مقامی مسائل کے بجائے توجہ مگر بنگلہ دیش پر مرکوز ہے۔ حسینہ واجد کی حکومت کے طلبہ تحریک کے نتیجے میں خاتمے کے بعد آج 12 فروری کو اس ملک میں انتخابات ہو رہے ہیں۔ عوامی لیگ کو اس میں حصہ لینے کے نااہل ٹھہرا دیا گیا ہے۔ اس کی نا اہلی بنگلہ دیش کی "موروثی سیاست" کے حوالے ابھری ایک اور بیگم "خالدہ ضیاء" کے صاحبزادے طارق رحمن کے وزیراعظم کا منصب سنبھالنے کے امکانات روشن بنا رہی ہے۔ جب ان کی والدہ وزیراعظم تھیں تو موصوف کو کمیشن اور کک بیکس کے جھوٹے سچے الزامات کا سامنا کرنا پڑا۔ ان الزامات کی وجہ سے خالدہ ضیاء کے غیر ملکی خیر خواہوں نے مشورہ دیا کہ انہیں بیرون ملک بھیج دیا جائے۔ طارق برطانیہ چلے گئے۔ اس کے بعد ہوئے انتخاب میں حسینہ واجد وزیراعظم منتخب ہو جانے کے بعد آتش انتقام سے مغلوب ہوئی۔ خالدہ ضیاء اور ان کی جماعت کے سرکردہ رہنماؤں کی زندگی عذاب بنانا شروع ہو گئی۔ عدالتی نظام پر کامل کنٹرول کے ذریعے ان کو سنگین الزامات کے تحت طویل سزائیں سنانے کا بندوبست بھی یقینی بنا لیا گیا۔ طارق رحمن مگر محفوظ رہے۔ حسینہ واجد کے بنگلہ دیش سے فرار کے بعد وطن لوٹے اور بنگلہ دیش پہنچنے کے چند ہی دن بعد ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔

ان کے والد کی بنائی جماعت "بنگلہ دیش نیشنل پارٹی" عوامی لیگ کے برعکس بھارت کو بنگلہ دیش سے فاصلے پر رکھنا چاہتی ہے۔ سیکولرازم کے بجائے بنگال کی "مسلم شناخت" بھی اس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان سے ماضی کی تلخیاں بھلا کر دوستانہ تعلقات کا احیاء وہ بھارتی دباؤ کا مقابلہ کرنے کے لئے ضروری سمجھتی ہے۔ مذکورہ ترجیحات کے باوجود بی این پی ایک روایتی سیاسی جماعت ہی ہے جو بنیادی طور پر "انقلاب" کی خواہاں نہیں۔ حیران کن بات مگر یہ ہے کہ بنگلہ دیش کی نام نہاد جن-زی کے حسینہ واجد کے فسطائی انداز حکمرانی کے خلاف لائے "انقلاب" کے نتیجے میں ہوئے انتخابات کے ذریعے رائے دہندگان کی اکثریت بالآخر "موروثی سیاست" کی بنیاد پر ابھرے طارق رحمن اور ان کی جماعت کو برسر اقتدار لانا چاہ رہی ہے۔

جن نوجوانوں نے بدترین ریاستی تشدد کا سامنا کرتے ہوئے حسینہ واجد کو بھارت فرار ہونے کو مجبور کیا تھا خود بھی ایک سیاسی جماعت تشکیل دے چکے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق اسے فقط دو فی صد ووٹر اقتدار سونپنا چاہیں گے۔ "جن-زی" جماعت اسلامی کے ساتھ ایک انتخابی اتحاد میں بھی شامل ہو چکی ہے۔ جماعت اسلامی کو مگر رائے دہندگان کی اکثریت بھاری بھرکم تعداد میں ووٹ دینے کو آمادہ نظر نہیں آ رہی۔ عمومی اندازہ یہ ہے کہ وہ دوسری بڑی جماعت کی صورت ابھر سکتی ہے اور اگر طارق رحمن کی جماعت واضح اکثریت حاصل نہ کر پائی تو اسے جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر حکومت تشکیل دینا ہوگی۔ جماعت اسلامی کے رہنما مگر اس کے لئے تیار نظر نہیں آ رہے۔ دوسری بڑی جماعت کی حیثیت میں ابھرنے کے بعد وہ اپوزیشن میں بیٹھنا چاہیں گے۔

جمعرات کے دن بنگلہ دیش میں منتخب حکومت کے قیام کے لئے 300 اراکین پر مشتمل قومی اسمبلی کے انتخاب ہی نہیں ہو رہے۔ اپنی پسند کے امیدوار کو ووٹ دینے کے علاوہ جمعرات کے روز رائے دہندگان کو ایک اور بیلٹ پیپر پر بھی ہاں یا ناں کے ذریعے بنگلہ دیش کے آئین میں چند بنیادی تبدیلیاں کرنے کے منصوبے کو منظور یا رد کرنا ہوگا۔ اس کی روشنی میں آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ جمعرات کے روز بنگلہ دیش میں انتخاب ہی نہیں "ریفرنڈم" بھی ہونا ہے۔ ریفرنڈم کی بدولت اکثریت نے "ہاں" میں جواب دیا تو انتخاب کے نتیجے میں قائم ہونے والی قومی اسمبلی کو 180 دنوں کے اندر بنگلہ دیش کے آئین میں تجویز کردہ تبدیلیوں کو متعارف کروانا ہوگا۔ آئین "نیا" بن گیا تو بنگلہ دیش میں قومی اسمبلی کے علاوہ ہماری سینٹ جیسا ادارہ بھی قائم ہو جائے گا۔ مذکورہ ادارے کے اراکین جمعرات کے روز ہوئے انتخاب میں ڈالے گئے ووٹوں کی روشنی میں سیاسی جماعت کے نامزد اراکین میں سے "متناسب نمائندگی" کی بنیاد پر چنے جائیں گے۔

عوام میں فی الوقت مقبول اور روایتی و "موروثی سیاست" کی نمائندہ بی این پی دل سے آئین میں تجویز کردہ تبدیلیوں سے خوش نہیں ہے۔ اسے خدشہ ہے کہ "متناسب نمائندگی" کی بنیاد پر چنے سینٹ کے ذریعے اس کے اختیارات محدود کرنے کی کوشش ہوگی۔ طارق رحمن کو یہ شبہ بھی ہے کہ "جن-زی" کے لائے "انقلاب" کے نتیجے میں عبوری حکومت کے مدار المہام بنائے ڈاکٹر یونس بنگلہ دیش کے بااختیار صدر بننے کے خواہاں ہیں۔ وہ قومی اسمبلی پر اسی نوعیت کی کڑی نگاہ رکھنا چاہیں گے جو پاکستان میں جنرل ضیاء نے آئین کی آرٹیکل 58-2-بی کے تحت متعارف کروائی تھی۔ اس کے نتیجے میں فقط فوجی صدر ہی نہیں ایک "سویلین" غلام اسحاق خان نے بھی صدر منتخب ہو جانے کے بعد ایک نہیں دو حکومتوں کو کرپشن کے الزامات کے تحت گھر بھیج دیا تھا۔ حتیٰ کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت کو ان ہی کے نامزد کردہ "فاروق بھائی" نے 1996 میں گھر بھیج دیا تھا۔

میرے چند نوجوان ساتھی ان دنوں بنگلہ دیش کے انتخاب کا جائزہ لینے وہاں گئے ہوئے ہیں۔ ان کی جانب سے ہوئی رپورٹنگ کے بغور مشاہدے کے باوجود میں ابھی تک یہ جان نہیں پایا کہ انتخابی مہم میں حصہ لیتے ہوئے طارق رحمن کی جماعت کے لوگ بنگلہ دیش کے آئین میں تجویز کردہ تبدیلیوں کے بارے میں کروائے ریفرنڈم کے بارے میں اپنے حامیوں کو ہاں پر ٹھپہ لگانے کا مشورہ دے رہے ہیں یا انہیں رد کرنے کی تجویز دی جا رہی ہے۔ آئین میں جو تبدیلیاں تجویز کی گئی ہیں ان میں یہ شق بھی شامل ہے کہ قانون سازی کیلئے رائے دیتے ہوئے قومی اسمبلی کے اراکین اپنے سیاسی قائدین کا اتباع کرنے کے بجائے "ضمیر کے مطابق" ووٹ دے سکتے ہیں۔ یہ تجویز بھی رائے دہندگان نے مان لی تو نئے منتخب وزیراعظم کا اپنی جماعت کے اراکین پر کنٹرول کمزور ہو جائے گا۔ "لوٹوں" کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ ان امکانات کو نگاہ میں رکھتے ہوئے میرے وسوسوں بھرے دل کو یہ خدشہ لاحق ہے کہ "جن-زی" کے لائے "انقلاب" کے نتیجے میں بنگلہ دیش کو شاید سیاسی و معاشی استحکام میسر نہیں ہو پائے گا اور بنگلہ دیش مزید ابتری کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

انتخاب پلس ریفرنڈم کے نتیجے میں قائم ہوئی حکومت کے لئے ایک اہم مسئلہ بنگلہ دیش میں تعینات ہوئے امریکی سفیر نے ایک حالیہ انٹرویو کے ذریعے بھی کھڑا کر دیا ہے۔ برنٹ کرسٹنسن موصوف کا نام ہے۔ بطور سفیر انہوں نے 12 جنوری 2026 کو اپنے عہدے کا چارج سنبھالا ہے۔ اس سے قبل بھی وہ بنگلہ دیش میں 2019 سے 2021 تک سیاسی اور معاشی امور پر نگاہ رکھنے والے افسر کی حیثیت میں امریکی سفارت خانے سے وابستہ رہے ہیں۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کو بنگلہ دیش کے انتخاب پلس ریفرنڈم سے عین ایک دن قبل انٹرویو دیتے ہوئے موصوف نے کوئی لگی لپٹی رکھے بغیر اعتراف کیا کہ امریکہ فقط بنگلہ دیش نہیں بلکہ "جنوبی ایشیاء" میں چین کے بڑھتے ہوئے اثر سے خوش نہیں ہے۔ بنگلہ دیش نے حال ہی میں چین کی معاونت سے بھارتی سرحد کے قریب ڈرون بنانے کا ایک کارخانہ لگانے کا معاہدہ کیا ہے۔ پاکستان سے چینی ٹیکنالوجی کے استعمال سے بنائے جے-17 طیارے خریدنے میں بھی دلچسپی کا اظہار ہوا۔ مذکورہ معاہدوں اور خواہشات کا نام لئے بغیر ڈھاکہ میں تعینات امریکی سفیر نے بنگلہ دیش کو چین سے دفاعی نظام کے حصول کے بجائے امریکہ سے متبادل طلب کرنے کو اکسایا ہے۔ نئی حکومت کے قیام سے قبل ہی بنگلہ دیش کو امریکہ یا چین میں سے کسی ایک کو بطور "دوست" اپنانے کا مطالبہ کر دیا گیا ہے۔

امریکہ کے لیے ایران پر حملہ آسان نہیں ہوگا!



تاثرات — سید مجاہد علی

صدر آصف علی زرداری نے واضح کیا ہے کہ ایران کے خلاف کوئی جنگی کارروائی خطرناک ہوگی اور اس سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہو سکے گا۔ اسلام آباد میں ایرانی سفارت خانہ کی طرف سے انقلاب کی 47 ویں سالگرہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بات چیت کے ذریعے معاملات حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر پاکستان کا یہ بیان پاکستان کی سرکاری پالیسی کے عین مطابق ہے۔ پاکستان نے دیگر دوست ممالک کے ساتھ مل کر امریکہ اور ایران کے درمیان تنازعہ کم کرنے میں سہولت کاری کی کوشش کی ہے۔ خوش قسمتی سے مشرق وسطیٰ کے عرب ممالک میں اس معاملہ پر اتفاق رائے موجود ہے۔ وہ پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کے ساتھ مل کر خطے میں استحکام اور امن کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ تاہم ایک طرف تہران میں سخت گیر مذہبی حکومت موجود ہے جو تمام تر اندیشوں کے باوجود زیادہ مراعات دینے پر آمادہ نہیں ہے کیوں کہ تہران کے لیڈر امریکہ کے سامنے کمزور دکھائی نہیں دینا چاہتے۔ گو کہ ایران نے جوہری ہتھیاروں یا یورینیم افزودہ کرنے کی صلاحیت پر اپنی پوزیشن تبدیل کی ہے لیکن وہ اپنے لب و لہجہ سے ایرانی عوام کو یہ دکھانا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ ایران، امریکہ سے مرعوب یا خوفزدہ نہیں ہوا بلکہ ایک باوقار ریاست کے طور پر اس کے سامنے سینہ سپر ہے۔ اسی لیے ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے ایک تازہ بیان میں ایران کی جوہری تنصیبات کے معائنے پر لچک کا مظاہرہ کیا ہے۔ مغربی میڈیا میں یہ خبر آج ایک ایسے مثبت اشارے کے طور پر پیش کی گئی کہ ایران، امریکہ کے ساتھ کامیاب مذاکرات کا خواہاں ہے۔ دونوں ملکوں کے اعلیٰ سطحی وفود نے گزشتہ جمعہ کو عمان میں براہ راست بات چیت کی تھی اور پھر اپنی قیادت سے مشاورت کے لیے وقفہ کیا گیا تھا۔ مذاکرات کا دوسرا دور کسی بھی وقت شروع ہو سکتا ہے۔ تاہم اس سے پہلے دونوں طرف سے جاری ہونے والے بیانات میں ملے جلے اشارے موجود ہیں۔ اس لیے مبصرین کے لیے یہ کہنا مشکل ہو رہا ہے کہ کیا امریکہ علاقے میں اپنا بحری بیڑا متعین کرنے کے بعد شدت پسندی سے معاملات آگے بڑھائے گا یا خطے میں امن اور علاقے میں اپنے حلیف ممالک کی خوشنودی کے لیے افہام و تفہیم سے معاملات طے کرنے پر آمادہ ہو جائے گا۔ ایرانی لیڈروں کی سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ 1979 کے انقلاب کے بعد اس کا سرکاری بیانیہ امریکہ مخالفت میں تیار کیا گیا تھا اور امریکہ کو 'شیطان بزرگ' کا نام دیا گیا تھا۔ ایرانی لیڈر امریکہ کو مشرق وسطیٰ کے علاوہ دنیا بھر میں تمام خرابیوں اور ناانصافیوں کا ذمہ دار قرار دیتے رہے ہیں۔ البتہ تبدیل شدہ حالات میں ایرانی لیڈروں کے پاس کسی بھی طرح امریکہ کے ساتھ مذاکرات اور مفاہمت کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ اس لیے ایک طرف تہران سے مثبت اشارے موصول ہوتے ہیں تو دوسری طرف بین السطور یہ دعویٰ کرنے کی کوشش بھی کیا جاتی ہے کہ ایران مقابلے کے لیے تیار ہے اور اپنی قومی خودداری پر سودے بازی نہیں کرے گا۔ یہ بیانیہ درحقیقت ایران میں اس گروہ کو مطمئن اور خوش کرنے کے لیے ضروری سمجھا جاتا ہے جو ابتر معاشی حالات اور عوام کی شدید بے چینی میں بھی سیاسی طور سے موجودہ رجیم کا حامی ہے۔ اس کے علاوہ ایسے بیانات ایرانی عوام میں قوم پرستی کا جذبہ بھی ابھارتے ہیں۔ یوں ایرانی لیڈر یہ باور کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ حال ہی میں شدید اور خوں ریز احتجاج کے بعد بہر حال وہ امریکہ کے سامنے ڈٹے رہنے کا تاثر دے کر ایرانی عوام کی ہمدردیاں سمیٹ سکتے ہیں۔

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا تازہ بیان اسی الجھن کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک طرف وہ جوہری ہتھیاروں سے مکمل طور سے دست بردار ہونے کا اعلان کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ 'ان کا ملک جوہری ہتھیاروں کا حصول نہیں چاہتا اور ہم اس کی تصدیق کرنے کو بھی تیار ہیں'۔ لیکن اس کے ساتھ ہی وہ یہ اضافہ بھی کرتے ہیں کہ 'یورپ اور امریکہ نے جو بد اعتمادی کی دیوار کھڑی کر دی ہے اس کے بعد ان مذاکرات کے موثر ہونے کا امکان نہیں ہے۔ ایران زیادہ مطالبات کے سامنے سر نہیں جھکائے گا'۔ حالانکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بار بار اس بات کا اعادہ کر رہے ہیں کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے تاہم وہ اس کے ساتھ ہی ناکامی کی صورت میں ایران کو سخت کارروائی کی دھمکی بھی دیتے ہیں۔ گزشتہ رات ہی انہوں نے فوکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں اس بات کو دہرایا ہے۔ ایران کی جوہری صلاحیت پر کنٹرول امریکہ اور مغربی ممالک کی دیرینہ سفارتی خواہش رہی ہے۔ اب ایران اس معاملہ پر معاہدہ کرنے پر آمادہ ہے۔ وہ ایک طرف جوہری ہتھیار نہ بنانے کا وعدہ کر رہا ہے تو دوسری طرف اب یہ اعلان بھی کر دیا گیا ہے کہ اس مقصد کے لیے عالمی انسپکٹر ایرانی جوہری تنصیبات کا معائنہ بھی کر سکتے ہیں۔ اگرچہ جون میں جب امریکہ نے اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران کی ایٹمی تنصیبات پر حملہ کیا تھا اور انہیں مکمل تباہ کرنے کا دعویٰ کیا گیا تھا، اس وقت بھی ایران نے عالمی معائنے پر آمادگی ظاہر نہیں کی تھی۔ تاہم اب ایران نے بیلسٹک میزائلز کے بارے میں سخت پالیسی اختیار کی ہے اور واضح کیا ہے کہ ایران کے میزائل پروگرام پر بات نہیں ہو سکتی۔ یہ ایران کی خودمختاری اور قومی سلامتی کا معاملہ ہے۔ دوسری طرف اسرائیل، امریکہ پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ ایران کے ساتھ صرف جوہری صلاحیت کے بارے میں معاہدہ نہ کیا جائے بلکہ اس کے میزائل پروگرام کو بھی بند ہونا چاہیے۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اس وقت واشنگٹن کے دورے پر ہیں اور صدر ٹرمپ کے ساتھ ملاقات میں انہوں نے یہی تجویز دی ہے۔

ایران پر امریکی دباؤ کے اس نئے مرحلے میں صدر ٹرمپ درحقیقت صرف جوہری پروگرام پر پابندی ہی کا مطالبہ کر رہے تھے۔ انہوں نے پہلے بھی ایرانی میزائل پروگرام کا حوالہ نہیں دیا لیکن اسرائیل کے مسلسل دباؤ کے بعد امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اب یہ مطالبہ کرنے لگے ہیں کہ ایران کو میزائل پروگرام اور ریجن میں پراکسی گروہوں کے بارے میں بھی وعدے کرنے ہوں گے۔ اسرائیلی دباؤ ہی کے نتیجے میں صدر ٹرمپ نے بھی یہ کہا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیاروں اور بیلسٹک میزائل بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی'۔ تاہم مبصرین کا خیال ہے کہ ایران اگر جوہری صلاحیت کے بارے میں کسی قابل قبول معاہدے پر راضی ہو جاتا ہے تو ٹرمپ حکومت شاید میزائل پروگرام پر زیادہ اصرار نہ کرے۔ یوں تو دونوں ملکوں کے لیڈر مذاکرات میں پیش رفت کی بات کرتے ہیں

ایران، امریکہ مذاکرات کا مستقبل

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران کے ساتھ امریکہ کے مذاکرات کا دوسرا دور اگلے ہفتے ہو سکتا ہے مگر ساتھ ہی انہوں نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران نے امریکہ اور اسرائیل کے تین مطالبات تسلیم نہ کیے تو امریکہ ایران پر حملہ کر سکتا ہے اور یہ حملہ گزشتہ حملوں سے زیادہ بھاری اور تباہ کن ہوگا۔ اس کے لیے امریکی صدر نے ایران کی طرف ایک اور طیارہ بردار جہاز روانہ کرنے کا عندیہ بھی دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر یہ مذاکرات ناکام ہوئے تو ایران میں وینزویلا کی طرز پر کارروائی ہو سکتی ہے اور اس کیلئے امریکی افواج تیار کھڑی ہیں۔ بہت سے لوگوں کی رائے ہے کہ صدر ٹرمپ کی یہ دھمکیاں دراصل ایران کو اپنی شرائط پر معاہدہ کرنے پر مجبور کرنے کیلئے ہیں۔ امریکی شرائط کی اگر بات کریں تو شرائط یہ ہیں: ایران یورینیم کی افزودگی کے پروگرام کو ترک کر دے، حزب اللہ، حماس اور خطے میں دوسرے گروپوں مثلاً یمن کے حوثی قبائل کی امداد سے ہاتھ روک لے اور اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام پر پابندیوں کو قبول کرے مگر ایران نے مذاکرات سے قبل ہی واضح کر دیا تھا کہ بات چیت صرف ایٹمی پروگرام پر ہوگی، دیگر مطالبات تسلیم نہیں کیے جائیں گے کیونکہ انکا تعلق ایران کے دفاع اور نہ ہی اقتدار اعلیٰ سے ہے۔ دیکھا جائے تو ایران کے اس بیان کے بعد مذاکرات کا مستقبل خطرے میں نظر آتا ہے۔

ایران نے ترکیہ کے شہر استنبول کے بجائے عمان کے دارالحکومت مسقط میں مذاکراتی راؤنڈ کے انعقاد کا فیصلہ کیا۔ جمعہ 6 فروری کو عمان ہی میں ایران اور امریکہ کے درمیان جوہری پروگرام پر بالواسطہ مذاکرات ہوئے اور اس پیشرفت کو نہ صرف خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ بلکہ جنوبی ایشیا خصوصاً پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے نیک شگون تصور کیا گیا کیونکہ مذاکرات نہ ہونے کی صورت میں ایران پر امریکہ کے ایک اور حملے کو تقریباً یقینی سمجھا جا رہا تھا۔ امریکی صدر ٹرمپ کے بیانات کے مطابق امریکہ کا ساتواں بحری بیڑہ اپنے طیارہ بردار جہاز "ابراہم لنکن" اپنے ایک ہیلی کاپٹرز اور بمبار طیاروں کے ساتھ خلیج فارس یعنی ایران پر حملے کی پوزیشن کی طرف بڑھ رہا تھا۔ امریکی صدر کے غیر مبہم بیانات کی روشنی میں خطرہ محسوس کیا جا رہا تھا کہ امریکہ نہ صرف ایران پر حملہ کر دے گا بلکہ اس دفعہ جو حملہ ہوگا وہ گزشتہ برس جون میں کیے گئے حملے سے کہیں زیادہ بڑا ہوگا۔ خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ کے خطوں میں امریکہ کا پانچواں بحری بیڑہ موجود ہے اور دونوں خطوں میں ایک درجن سے زیادہ فوجی اڈوں پر امریکی بحری، بری اور فضائی افواج کے تقریباً 40 ہزار اہلکار موجود ہیں۔ ایسے میں مشرق بعید اور جنوب مشرقی ایشیا کے دفاع اور سیکورٹی پر مامور ساتویں بحری بیڑے کی اس کے طیارہ بردار جہاز، آبدوزوں اور دیگر جنگی جہازوں کے ساتھ خلیج فارس کی طرف روانگی ایک نئے تباہ کن حملے کے امکان سے خالی نہیں تھی۔ مبصرین کے مطابق امریکہ نے اس سے قبل خلیج فارس کے ارد گرد سمندروں میں اتنی بڑی تعداد میں بحری قوت جمع نہیں کی تھی تاہم ایران کی طرف سے مذاکرات پر آمادگی نے صورتحال کو مزید بگڑنے سے روک دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس مثبت اقدام کے پیچھے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب سمیت آٹھ مسلم ممالک کی پس پردہ کوششوں کا بڑا ہاتھ ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم کے دباؤ کے تحت امریکی صدر ایران پر حملے کی مکمل تیاری کر چکے تھے لیکن مسلم ممالک نے امریکہ کو اس بات پر آمادہ کر لیا کہ مذاکرات کے ذریعے ایران کو ایک اور موقع دیا جائے۔ مشرق وسطیٰ خصوصاً ایران اور امریکہ کی صورتحال پر نظر رکھنے والے ماہرین کا خیال ہے کہ صدر ٹرمپ ایران کی طرف سے خود اعتمادی کے اظہار اور امریکی دھمکیوں سے خوفزدہ ہونے کے بجائے اپنے موقف پر ڈٹے رہنے سے حیران ہیں۔ امریکی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ حماس اور حزب اللہ کی ٹاپ لیڈر شپ کا قلع قمع کرنے اور جون میں امریکی اور اسرائیلی حملوں میں ایران کی جوہری تنصیبات کو تباہ کرنے کے بعد ایران کی مزاحمتی قوت ختم ہو چکی ہے۔ گزشتہ ایک دہائی سے زیادہ عرصہ کی انتہائی سخت اقتصادی پابندیوں کی وجہ سے ایران کی معیشت کا بھرکس نکل چکا ہے اور حال ہی میں تہران اور ملک کے دیگر بڑے شہروں میں مہنگائی، بیروزگاری اور کرنسی کی گرتی ہوئی قیمت کیخلاف خونریز ہنگاموں نے ایرانی حکومت کو اندر سے بہت کمزور کر دیا ہے۔ مگر ایران کے اس اعلان کہ وہ مذاکرات اور جنگ دونوں کیلئے تیار ہے' نے امریکہ کو حیران کر دیا۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے اس بیان کو پوری سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے کہ اس دفعہ امریکی حملے کے نتیجے میں جنگ ایران تک ہی محدود نہیں رہے گی بلکہ پورا خطہ اس کی لپیٹ میں آ جائے گا۔ اس بیان کا ثبوت یہ ہے کہ خلیج فارس کے ممالک خصوصاً قطر اور سعودی عرب ایران اور امریکی حملے کو روکنے اور بات چیت کے ذریعے جوہری مسئلے کا حل ڈھونڈنے کیلئے پہلے سے زیادہ مستعد ہیں۔ حال ہی میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے صدر ٹرمپ سے ملاقات کرنے کیلئے واشنگٹن کا دورہ کیا۔ گزشتہ سال جنوری میں صدر ٹرمپ کے حلف اٹھانے کے بعد اسرائیلی وزیراعظم کا یہ چھٹا دورہ تھا مگر اس دفعہ نیتن یاہو کا پہلے جیسے جوش کے ساتھ استقبال نہیں کیا گیا۔ امریکی ذرائع ابلاغ اور وائٹ ہاؤس کی ترجمان کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ صدر ٹرمپ نے گزشتہ سال جون کے برعکس ایران کے ساتھ مذاکراتی عمل کو سبوتاژ کرنے کا اسرائیلی مشورہ قبول نہیں کیا اور اسرائیلی وزیراعظم کو صاف بتا دیا ہے کہ ایران کے ساتھ مسئلے کا حل تلاش کرنے کے لیے ان کی ترجیح مذاکرات کے ذریعے ڈیل کا حصول ہے' وہ ایران کو ایک اور موقع دینا چاہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خلیج فارس کے گرد و نواح میں غیر معمولی بحری، بری اور فضائی حملوں کے خدشے اور ٹرمپ کی آئے دن کی دھمکیوں کے باوجود ایران کے ساتھ مذاکرات کے موجودہ سلسلے کے تعطل اور امریکی حملے کا امکان کم ہے۔ زیادہ امکانات اس بات کے ہیں کہ مذاکرات کا یہ سلسلہ جاری رہے گا مگر فریقین کو کسی ڈیل پر پہنچنے کے لیے اپنے اپنے موقف میں لچک پیدا کرنا ہوگی۔ ایران نے تو اشارہ دے دیا ہے کہ وہ یورینیم کی افزودگی کے مسئلے پر لچک دکھانے کیلئے تیار ہے۔ اگر ہم ایران کے سکیورٹی امور کے انچارج علی لاریجانی کے اس بیان کو سامنے رکھیں گے جو جوہری مسئلے پر ایران اور صدر ٹرمپ کے موقف میں کئی امور پر یکساں سوچ پائی جاتی ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ناکامی کے مقابلے میں مذاکرات کے موجودہ سلسلے کی کامیابی کے امکانات اگر زیادہ نہیں تو برابر ضرور ہیں۔ ایک سال قبل ایسی صورتحال نہیں تھی۔ تب ٹرمپ کی سوچ پر نیتن یاہو کا اثر زیادہ تھا۔ امریکہ کو اپنی طاقت کا زعم تھا

ان پڑھ بچے

خیالات — رسول بخش رئیس

آج کے بچے کل کے جوان ہوں گے اور ملکوں کی باگ ڈور ان کے ہاتھوں میں آئے گی۔ ہر دور میں اسی طرح ہوتا رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا ہی ہوگا۔ ہم جن بچوں کی بات کر رہے ہیں وہ محکوم مزدور، کسان اور ادھر ادھر دکانوں اور گھروں میں ہی کام کر سکیں گے۔ آج کے دور کی بدلتی معیشت میں ان پڑھوں کیلئے کوئی گنجائش نہیں۔ جو اس وقت صورتحال ہے اس میں ان لاکھوں جوانوں کیلئے بھی کچھ زیادہ امید نظر نہیں آ رہی' جن کے ہاتھوں میں سندیں ہیں۔ بے معنی' غیر تکنیکی' بے ہنر تعلیم جس کا صنعتی دور سے تعلق نہ ہو بیروزگار تعلیم یافتہ لوگ ہی پیدا کرے گی۔ خیر یہ دوسری بحث ہے کہ ہمارے تعلیمی اداروں کے سربراہان اور ان کے اوپر کے لوگ نصاب اور نظام تعلیم کے بارے میں کتنی دور کی سوچتے ہیں اور منصوبہ بندی اور کیا کوئی منظم اور مرتب کوشش دیکھنے میں آ رہی ہے کہ بنیادی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کی درسگاہوں کو نئے دور کے تقاضوں کے ساتھ کیسے ہم آہنگ کریں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ سب بچوں کو بنیادی تعلیم کی روشنی تو مہیا کی جائے۔ آئین میں ہمارے کرتا دھرتاؤں نے کب سے لکھا ہوا ہے کہ تعلیم ہر پاکستانی کا بنیادی حق ہے مگر دیگر حقوق کی صورتحال کو دیکھیں تو اپنی حالت پر ترس آتا ہے۔ بچوں کے حقوق معصوموں کے حقوق ہیں' جنہیں کچھ پتا نہیں ہوتا کہ ان کی زندگیوں کی کیا سمت ہوگی' یہ سب کچھ خاندان' معاشرہ اور حکومتیں متعین کرتی ہیں۔ میرے خیال میں بنیادی تعلیم کا فیصلہ والدین پر نہیں چھوڑا جا سکتا ہے کہ یہ قومی ذمہ داری کے زمرے میں آتا ہے۔ سمندروں کے اس پار جس ترقی یافتہ دنیا کو دیکھا ہے وہاں والدین اپنے بچوں کو گھر نہیں بٹھا سکتے' ہر صورت میں 16 سال کی عمر تک انہیں سکول میں پڑھنا ہوگا۔ البتہ اس بات کی رعایت ہوتی ہے کہ وہ کس قسم کے سکول میں انہیں داخل کرائیں گے۔ ایک عرصے سے ان صفحات میں لازمی تعلیم پر زور دے رہا ہوں۔ اصل میں تو یہ ہم سب کا فرض بنتا ہے' خصوصاً حکمران طبقے کا کہ سب بچوں کو سکولوں کی سہولت مہیا کریں۔ پوری دنیا جو ہمیں غور سے اور حیرانی کے ساتھ دیکھتی ہے' یقین نہیں کرتی کہ ایک طرف انتہا پسندی اور مذہبی منافرت ہے اور دوسری طرف ہماری صوبائی حکومتیں ان کروڑوں بچوں کیلئے کچھ نہیں کر رہیں جو سکولوں سے باہر ہیں۔ آپ خود سوچیں' ایسے ان پڑھ بچے بڑے ہو کر کیا بیکار نہیں رہیں گے؟ اب تو زراعت میں بھی تیزی سے مشینوں کا استعمال ہونے لگا ہے کہ وہاں بھی ان کیلئے روزگار کے مواقع سکڑ گئے ہیں۔

جنوبی پنجاب میں' جو صوبے کے دیگر حصوں سے زیادہ پسماندہ ہے' جب بھی جانا ہوتا ہے تو یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ان پڑھ لوگ محنت مزدوری کیلئے دور کے بڑے شہروں کا رخ کر رہے ہیں۔ آبادی کا دباؤ اتنا بڑھ چکا ہے کہ اب لوگ بھکاری بننے میں بھی کوئی عار محسوس نہیں کرتے۔ صرف چند گھرانے نہیں بلکہ پوری بستیاں' قومیں اور ذاتیں پیشہ ور بھکاری بن چکی ہیں۔ ان پڑھ اور بے ہنر لوگوں کیلئے اپنی زندگیوں کو سہارا دینے کے تین ممکنہ ذرائع ہو سکتے ہیں: مزدوری' کاشتکاری اور بھکاری پن۔ بھکاری پن اب زیادہ سہل اور کسی حد تک زیادہ فائدہ مند پیشہ ہے۔ کئی سال پہلے کی بات ہے کہ ایران جانا ہوا۔ تہران میں تھا تو کئی پاکستانی بھکاریوں' خصوصاً عورتوں کو شیر خوار بچے بغل میں اٹھائے ہاتھ پھیلائے دیکھا۔ ان سے بات چیت کی تو جواب ہمیشہ یہی آتا کہ اور کیا کریں۔ دور جانے کی بات نہیں' بڑے شہروں کے چوراہوں پر ایک طرف ٹریفک پولیس کے سپاہی چالان کر رہے ہوتے ہیں' یا ویسے بیکار کھڑے تماشا دیکھ رہے ہوتے ہیں اور دوسری طرف بھکاریوں کے جتھے گاڑیوں کی قطاروں کے درمیان شیشوں پر انگلی مار کر توجہ اپنی طرف مبذول کرا رہے ہوتے ہیں۔ اگر ہمارا حال ایسا ہے تو مستقبل کس طرح مختلف ہو سکتا ہے۔

آپ خود سوچیں کہ حکومت کے کارندے تک کہہ رہے ہیں کہ ڈھائی کروڑ بچے سکول نہیں جا رہے۔ ان کا مقدمہ ہم دنیا کی کس عدالت میں لڑیں' کس بین الاقوامی تنظیم میں لے جائیں اور کن جگہوں پر شور مچائیں کہ ان معصوم زندگیوں کے ساتھ یہ ظلم ہوتا ہم نہیں دیکھ سکتے۔ بے حسی کی بھی کوئی حد ہوتی ہے ہمارے حکمران اب سب حدوں کو عبور کر چکے ہیں۔ پنجاب میں وسائل کی کمی نہیں' اصل فتور ذاتی ترجیحات کا ہے۔ تعلیم کے شعبے میں جو اتنی بڑی نوکر شاہی قائم کر رکھی ہے' وہ نجانے کیا کرتی ہے۔ بچوں کو سکول' سہولتیں اور اساتذہ مہیا نہیں کر پاتے مگر دفتر' دفتر' افسروں اور ہر نوع کے کارندوں کے لشکر موجود ہیں۔ ہر صوبے میں نظام تعلیم زبوں ہو چکا ہے۔ بلوچستان اور سندھ میں ہزاروں "بھوت اساتذہ" ہیں۔ پنجاب اور کے پی میں صورتحال قدرے بہتر ہے' مگر اتنی بڑی نوکر شاہی کے ہوتے ہوئے کتنے "بھوت اساتذہ" کا محاسبہ ہوا ہے' ہمارے علم میں تو نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ روایتی ہفتہ صفائی کی طرح کچھ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ہو۔ اگر ایسا معمول اور مربوط طریقے سے ہوتا رہتا تو نوبت یہاں تک نہ آتی کہ سرکاری سکولوں کو نجی تحویل میں دے دیا جاتا۔ دکھ کی بات ہے کہ ہر ضلع میں اوپر سے لے کر نیچے تک' ایک مربوط انتظامی ڈھانچہ موجود ہے مگر تعلیم' صحت اور دیگر سماجی خدمات کے شعبے میں کارکردگی' دنیا کو چھوڑیں' خطے کے ممالک کے مقابلے میں بھی صورتحال دہائیوں سے غیر تسلی بخش ہے۔

کیا دنیا میں کچھ "بڑا" ہونے والا ہے؟

گرداب — عارف بہار
Arifbahar@hotmail.com

دنیا میں ایک بار پھر اسی کی دہائی کے اواخر کا سا منظر پیش کر رہی ہے۔ عالمی سطح پر اسی قسم کا ارتعاش اس سے پہلے اسی وقت دیکھا گیا جب سرد جنگ اختتام کو پہنچ رہی تھی اور دنیا کا ایک نیا نقشہ تشکیل پا رہا تھا۔ یوں لگ رہا تھا کہ ڈربہ کھل گیا ہے اور مرغیاں اور چوزے اس سے نکل کر حیرت اور استعجاب کی دنیا میں ادھر ادھر بھاگے جا رہے ہیں۔ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد عالمی سیاست میں طوفان برپا کرنے والا ایک اور لمحہ نائن الیون بھی تھا مگر اس سے عالمی سطح پر افراتفری کا یہ منظر نہیں ابھرا تھا۔ دنیا نے نائن الیون پر امریکہ کا موقف من و عن قبول کر لیا تھا اور امریکہ کو ہمدردی کے اضافی نمبر مل گئے تھے جس کی وجہ سے وہ اقوام متحدہ کی مہر کے ساتھ دنیا میں اپنا سکہ جمانے میں کامیاب ہوا تھا۔ اس بار کی ہلچل اقتصادی ہے اور ایک بار پھر کرہ ارض کے ممالک دائیں بائیں بھاگتے پھر رہے ہیں۔ یوں لگ رہا ہے کہ امریکہ کا معاشی فسوں ٹوٹ رہا ہے۔ 1990 میں ہر روز ایک نئی خبر سننے کو مل رہی تھی کہ سوویت یونین کا فلاں حصہ اعلان آزادی کر رہا ہے۔ سہمے اور ڈرے ہوئے لوگ سڑکوں پر نکل کر ڈوبتے ہوئے سوویت یونین کے کنٹرول کو آخری سلام کر کے نئے راستوں پر چل رہے تھے۔ مشرقی یورپ، وسط ایشیا کا ایک کے بعد دوسرا ملک اپنی راہیں جدا کر رہا تھا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی حالیہ پالیسیوں نے بھی امریکہ کے زیر اثر ملکوں کو آج کا "مشرقی یورپ" بنا دیا ہے۔ سب سے حیرت انگیز کروٹ یورپ لے رہا ہے جو امریکہ کا قریب ترین اقتصادی اور عسکری اتحادی ہے۔ یہ بھی عجب اتفاق ہے کہ ایک فرد کے آنے سے منظر یکسر بدل جاتا ہے۔ اسی کی دہائی میں سوویت یونین نے سرد جنگ کا آخری معرکہ صدر برزنیف کی قیادت میں لڑا تھا مگر یہی وہ زمانہ تھا جب سوویت معیشت کو بربادی کا گھن لگنا بھی شروع ہو گیا تھا۔ برزنیف کی موت کے بعد آندروپوف سوویت حکمران بنے مگر وہ بھی زیادہ دیر جی نہ سکے اور قرعہ فال میخائل گورباچوف کے نام نکلا۔ گورباچوف کی آمد تاریخ کے سٹیج پر اپنے وقت کی عظیم طاقت کا اینٹی کلائمیکس ثابت ہوئی اور وہ اس دیوہیکل عالمی طاقت کے زوال کو آسان بنانے کے سوا کوئی کارنامہ انجام نہ دے سکے آج جب امریکہ کے دیرینہ معاشی اور فوجی اتحادی اس کی نوکری سے اچھل اچھل کر گرتے اور نکلتے جا رہے ہیں تو یہ سب ایک فرد کا کمال ہے اور اس فرد کا نام ڈونلڈ ٹرمپ ہے۔ دنیا میں لائی ووڈ کی اداکاراؤں کی طرح نمبر ون کی دوڑ لگی ہے۔ امریکہ چین کے لئے ڈرائیونگ سیٹ خالی نہیں کر رہا اور چین اب اپنے پر پرزے اس قدر نکال چکا ہے کہ وہ اس ڈرائیونگ سیٹ کو اپنا حق سمجھ رہا ہے۔ اس کشمکش میں امریکہ کے روایتی اتحادی اپنا مدار بدل رہے ہیں تو حالات امریکہ کو نمبر دو بننے کا حقیقت پسندانہ فیصلہ قبول کرنے پر مجبور کرتے دکھائی دے رہے ہیں مگر اس میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ کے مسئلے کا ایک رئیل سٹیٹ طرز کا حل نکال کر عرب دنیا کو چونکا کر دیا تو گرین لینڈ پر نظریں جما کر یورپ کو عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا کر ڈالا۔ امریکہ کا سب سے بااعتماد خلیجی ملک متحدہ عرب امارات امریکی سیکورٹی سسٹم پر عدم اطمینان ظاہر کرتے ہوئے دوڑا دوڑا بھارت جا پہنچا اور ایک اہم ترین دفاعی اور تجارتی معاہدہ کرنے کے پر مجبور رہا۔ سعودی عرب نے پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون کا معاہدہ کیا۔ یورپ کے بڑھتے ہوئے احساس عدم تحفظ نے یورپی یونین کو بھارت کے ساتھ دو عشروں پر محیط گفت و شنید کو ایک ایسے معاہدے پر مجبور کیا جسے دونوں نے مادر آف آل ڈیلز قرار دیا۔ برطانیہ جو یورپ کا اہم ملک تھا کہ وزیراعظم کیئر سٹارمر چین جا پہنچے اور جہاں انہوں نے طویل المدتی معاہدات کئے۔ کیئر سٹارمر نے چین میں پیش کئے جانے والے گارڈ آف آنر کا جواب کمر جھکا کر دیا جس پر یہ تبصرہ ہوا کہ برطانوی وزیراعظم نے تسلیم کر لیا ہے کہ طاقت کا مرکز تبدیل ہو گیا ہے۔ گویا کہ یہ چین کی اہمیت کو تسلیم کرنے کی ایک ادا تھی۔ یہی نہیں شام کے صدر محمد الشرع امریکہ کے ساتھ قبول و ایجاب کے اچھے پس منظر کے باوجود ماسکو پہنچ گئے۔ برکس کے بعد یورپی یونین نے بھی نو بلین ڈالر مالیت کے امریکی سودی بانڈز فروخت کر دیے حالانکہ ٹرمپ ایسا نہ کرنے کی دھمکی دے چکے تھے۔ جس دن امریکہ کو بانڈز نے بیچنے کی دھمکی دی اس کے دوسرے ہی روز یورپی یونین نے یہ بانڈز فروخت کر کے امریکہ کو جیو پولیٹیکل پیغام دیا۔ ڈنمارک نے یورپی یونین کا رکن ہے۔ ڈنمارک کے ادارے ڈینش پنشن نے ایک سو ملین ڈالر کے امریکی بانڈز فروخت کر دیئے۔ مجموعی طور پر یورپی ملکوں نے 9۔8 بلین ڈالر کے بانڈز فروخت کر دیئے۔ یورپی یونین کے اس فیصلے کو معاشی کی بجائے سیاسی کہا جا رہا ہے۔ جس کی وجوہات میں قانون کی حکمرانی، سیاسی عدم استحکام اور امریکی خارجہ پالیسی کا رویہ قرار دیا جا رہا ہے۔

کینسر کا مرض، فرشتے اور ایک مسیحا انسان



لعل و گوہر — روشن لعل

دل کے امراض کی طرح کینسر بھی دنیا میں سب سے زیادہ اموات کا باعث بننے والی بیماری ہے۔ گزشتہ برس اگر دل کے امراض، دنیا میں دس ملین کے قریب لوگوں کی موت کا باعث بنے تو کینسر سے بھی تقریباً اتنے ہی لوگوں کی موت واقع ہوئی۔ یہ بات کوئی راز نہیں کہ جن ملکوں میں عوام کو صحت کی بہتر سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں وہاں موت کا فرشتہ کینسر [illegible]

مگر اس طرح کے بہت بڑے ہسپتالوں کی مثالیں کم ہی دیکھنے کو ملتی ہیں۔ ایسی کمیاب مثالوں میں سے [illegible]

جب یہ ہسپتال ابھی مکمل نہیں ہوا تھا اس وقت بھی جس حد تک ممکن تھا اسے کینسر کے مریضوں کے علاج کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا تھا۔ ایک [illegible]

کینسر کی تشخیص اور مفت علاج کے لیے ہسپتال تعمیر لوگوں کی طرف سے عطیات کی شکل میں ملنے والی خطیر رقم خرچ کر چکا ہے۔ کینسر کیئر ہسپتال میں ایک طرف تعمیر شدہ حصہ میں مریضوں کا مفت علاج جاری ہے تو دوسری طرف توسیعی پروگرام کے تحت نئے بلاکس کی تعمیر بھی ہو رہی ہے۔ اس سلسلے میں [illegible]

بانی کی ڈیل ہو رہی ہے؟



شہریار

خان صاحب کے آنسو بھی بہہ نکلے ہیں گویا پی ٹی آئی کا وہ دعویٰ بھی ختم ہوا کہ خان صاحب جیل جا کے بیمار نہیں ہوئے [illegible]

لاہور میں سینئر صحافیوں کی اعلیٰ سیکورٹی ذرائع سے ملاقات کے بعد بانی پی ٹی آئی کی ڈیل یا رہائی کے حوالے سے ایک مرتبہ پھر سوشل میڈیا پر [illegible] شروع ہو گیا ہے۔ پی ٹی آئی کا وہ سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ جو ایک برس تک مسلسل عمران خان آ رہا ہے [illegible]

مطابق پی ٹی آئی ہمیں تین مطالبات مانتی اور ان پر عمل کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ اس کی بنیاد شاید دسمبر میں رکھی گئی تھی جب وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا [illegible]

لیفٹیننٹ جنرل عمر بخاری نے بھی شرکت کی اور وہاں 'سیکورٹی کے مشترکہ ویژن' پر اتفاق ہوا۔ تہلکہ خیز وہ میٹنگ رہی جس میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کابینہ کے ارکان کے ساتھ کور ہیڈکوارٹرز پہنچے جہاں آئی ایس آئی کے سربراہ اور قومی سلامتی کے مشیر کے علاوہ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود [illegible]

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اور اسمگنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے علاوہ شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
دوکان نمبر ES-66 رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈہ ہزار گنجی جو کہ اس وقت احمد شاہ ولد حاجی علی احمد کے نام پر ہے کی ٹرانسفر محمد سلیمان ولد محمد عثمان کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 15 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No.........62768

اطلاع عام
پلاٹ نمبر OMP-780 رقبہ 291 فٹ واقع کیراج کمپلیکس ہزار گنجی جو کہ اس وقت محمد یونس ولد نذر محمد کے نام پر ہے کی ٹرانسفر محمد سلیمان ولد محمد عثمان کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No.........62768

اطلاع عام
انتہائی اہم نوعیت کے قیمتی دستاویزات (اصل) نمبری GRS39932 REF2615 جسمیں الاٹمنٹ لیٹر بنام سلمان خان بذریعہ پاکستان پوسٹل سروس (UMSID85819489) کے تحت اسلام آباد سے ترسیل کے دوران کہیں گم ہوگئے ہیں دستاویزات ملنے پر 03138582648 پر مطلع کریں
کلیم شاہ INP ....

اطلاع عام
انتہائی اہم نوعیت کے قیمتی دستاویزات (اصل) نمبری GRS39876/REF2611 جسمیں الاٹمنٹ لیٹر بنام نعمت اللہ خان بذریعہ پاکستان پوسٹل سروس (UMSID85819489) کے تحت اسلام آباد سے ترسیل کے دوران کہیں گم ہوگئے ہیں دستاویزات ملنے پر 03138319475 پر مطلع کریں
کلیم شاہ INP ....

اطلاع عام
انتہائی اہم نوعیت کے قیمتی دستاویزات (اصل) نمبری GRS39902 REF2617 جسمیں الاٹمنٹ لیٹر بنام شہریار علی بذریعہ پاکستان پوسٹل سروس (UMSID85819489) کے تحت اسلام آباد سے ترسیل کے دوران کہیں گم ہوگئے ہیں دستاویزات ملنے پر 03401109741 پر مطلع کریں
کلیم شاہ INP ....

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420382251821 بنام تازہ گل ولد نادر خان کہیں گم ہوگیا ہیں ملنے پر برائے مہربانی فرما کر قریبی لیٹر بکس میں ڈالیں
نمائندہ میزئی اڈہ ....

کامریڈ عبیداللہ خان مندوخیل۔ ژوب کا نامور سپوت

تحریر: مقبول احمد ناصر

عبیداللہ خان مندوخیل ژوب کے منجھے ہوئے سیاسی، سماجی، قبائلی رہنما کی حیثیت سے معروف شخصیت کے مالک تھے۔ مرحوم نے 15 ستمبر 1967 کو ژوب کلی تکئی میں ممتاز سیاسی اور قوم پرست رہنما مرحوم میر اخان مندوخیل کے ہاں جنم لیا میر اخان لالا کے بڑے فرزند نے زمانہ طالب علمی سے ہی اپنے والد کے نقش وقدم پر چلتے ہوئے تعلیم کیساتھ ساتھ سماجی اور سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیا اور آخری دن تک اس پر کاربند رہے۔ اپنی سیاسی زندگی کا آغاز آپ نے زمانہ طالب علمی میں ڈیمو کریٹک سٹوڈنٹس فیڈریشن سے کیا اور ژوب کے فعال رہنما کے طور پر اپنا کردار ادا کیا۔ عبیداللہ خان مندوخیل جنوری 2002 تک گورنمنٹ مڈل سکول چوچی شیرانی میں بطور ایس ایس ٹی منسلک رہنے کے بعد آپ فروری 2002 سے مئی 2003 تک مذکورہ سکول کے ہیڈ ماسٹر رہے۔ جون 2003 سے اکتوبر 2011 تک مڈل سکول تنگہ مردانزئی کاکڑ خراسان میں اور نومبر 2011 سے تاحیات گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول ژوب شہر میں بطور ایس ایس ٹی (جنرل) فرائض منصبی سر انجام دیتے رہے۔ آپ نے تعلیم کے شعبے میں اپنے فرائض احسن طریقے سے نبھائیں اور اپنے فرائض میں غفلت نہ برتتے ہوئے سینکڑوں، ہزاروں شاگردوں کو علم سے منور کیا۔ اس کیساتھ ساتھ اپنے تعلیم اور دوران ملازمت بھرپور انداز میں سماجی اور سیاسی کردار ادا کرتے ہوئے اپنے انقلابی والد محترم میر اخان مندوخیل مرحوم کا مشن زندہ رکھتے ہوئے ہر محاذ پر آگے بڑھتے رہے۔ ژوب ضلع کے عوامی مسائل، بجلی، صحت اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کیلئے بھرپور انداز میں آواز بلند کرتے رہے۔ خوش مزاج، روشن فکر، انقلابی اور ترقی پسند عبیداللہ خان مندوخیل ہر طبقے کے لوگوں سے گھل مل کر زندگی کی دوڑ میں شریک رہے۔ اس سلسلے میں آپ نے اساتذہ حقوق کیلئے فعال کردار ادا کیا۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن میں اہم عہدوں پر فائز رہے آپ نے دوسرے سینئر اساتذہ کرام پائیو محمد مندوخیل، عبدالرشید سیال کاکڑ، مولوی مولاداد کاکڑ، محمد نور شیرانی، عبداللہ شاہ کاکڑ، فتح خان مندوخیل اور دیگر ٹیم کے ساتھ ملکر ہر دور اور ہر تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا اساتذہ کرام کے حقوق کے نگہبان رہے انہیں حاصل کرنے میں کبھی پس وپیش نہ کیا اور ان کے مسائل حل کرنے میں فعال کردار ادا کیا۔ عبیداللہ خان مندوخیل نے سول سوسائٹی میں معروف ومعتبر حیثیت حاصل کی۔ نوجوانان ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام وہ ہر تحریک میں سر کردہ حیثیت سے آگے آگے رہے۔ مذکورہ ایکشن کمیٹی میں بجلی، ژوب کے دیگر مسائل اور ناقص ترقیاتی منصوبوں کے خلاف نوجوانان ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں کے ہمراہ کوئٹہ تک لانگ مارچ میں فعال کردار ادا کیا اور وقتاً فوقتاً احتجاجی تحریکوں میں بھرپور انداز میں جدوجہد کرتے رہے۔ مرحوم کی زندگی کا مقصد صاف ستھری، مفادات سے بالاتر عوامی خدمت اور کرپشن کمیشن اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر بلا تفریق رنگ ونسل تعصب اور نفرت سے پاک جائز مسائل کے حل کے لئے کوشاں رہنا تھا۔ اور اس مقصد کیلئے وہ زندگی بھر جدوجہد کرتے رہے۔ 2018 میں عبیداللہ خان مندوخیل اپنے رفقاء امان اللہ بازئی، جلیل مردانزئی، شیر محمد درانی اور دیگر ہم خیال دوستوں کے ہمراہ قومی وطن پارٹی میں شامل ہوئے اور قومی وطن پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر اور جنوبی پشتونخوا کے سینئر نائب چیئرمین کے طور پر اپنی جدوجہد جاری رکھنے لگے آپ نے پشتونوں کے ہر اجتماعی مسئلے پر آواز اٹھائی مختلف قومی، سیاسی، سماجی مسائل پر عوامی واحتجاجی اجتماعات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تاہم بالآخر موت ہے جو آنی ہے اور ہر انسان کو اس کا مزہ چکھنا ہے۔ بھرپور سیاسی سماجی قبائلی جدوجہد کے حامل کامریڈ عبیداللہ مندوخیل 14 فروری 2021 کو انتقال کر گئے مرحوم کی نماز جنازہ آبائی گاؤں کلی تکئی میں ادا کی گئی اور آبائی قبرستان میں والد مرحوم کے پہلو میں سپرد خاک ہوئے مرحوم کے پسماندگان میں بھائی محمد اللہ، فاروق خان، ڈاکٹر افراسیاب خان، بیوہ اور چھ بیٹے مدرس فرید خان، کامل خان، روح خیل خان، آرین خان، شیراز خان، میوند خان ہیں۔ اللہ پاک ان سب کی عمریں دراز فرمائے اور انہیں عوامی اور سماجی خدمات سر انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین اللہ تبارک وتعالیٰ مرحوم عبیداللہ خان مندوخیل کو اپنی رحمت کے سائے میں خوش وخرم رکھے مرحوم نے بلاشبہ بھرپور انداز میں زندگی گزاری نہ کسی کی دل آزاری کی اور نہ کسی سے زیادتی کی اصل زندگی یہی ہے کہ وہ سیاسی کارکنوں اور لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ اور مدتوں تک لوگوں کو یاد رہیں گے۔

اوستہ محمد، ڈسٹرکٹ کونسل ٹینڈرز میں مبینہ دھاندلی کے خلاف احتجاج
ٹینڈرز کو فوری طور پر منسوخ اور، چیف آفیسر کے خلاف انکوائری کی جائے
ٹینڈرز خفیہ طور پر اپنے من پسند ٹھیکیداروں میں بانٹ دیے، علی محمد مستوئی

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ کونسل اوستہ محمد میں ترقیاتی کاموں کے ٹینڈرز کے عمل میں مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں اور اقرباپروری کا انکشاف ہوا ہے۔ گورنمنٹ کنٹریکٹرز نے چیف آفیسر پر من پسند افراد کو نوازنے کا الزام عائد کرتے ہوئے ٹینڈر کے عمل کو مسترد کر دیا ہے۔ پریس کانفرنس کے اہم نکات مقامی پریس کلب میں گورنمنٹ کنٹریکٹرز علی محمد مستوئی، ارشاد احمد ابڑو، محبوب علی دایو اور وزیر علی عمرانی نے ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اقرباپروری چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل نے قواعد وضوابط کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ٹینڈرز خفیہ طور پر اپنے من پسند ٹھیکیداروں میں بانٹ دیے۔ شفافیت کا فقدان ٹینڈرنگ کے عمل میں میرٹ کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا اور اہل ٹھیکیداروں کو اس عمل سے باہر رکھنے کی کوشش کی گئی۔ بولی کے عمل میں رکاوٹ ٹھیکیداروں نے الزام لگایا کہ انہیں سرکاری طریقہ کار کے مطابق بولی میں حصہ لینے سے روکا گیا تاکہ مخصوص گروہ کو فائدہ پہنچایا جا سکے۔ ہمیں دیوار سے لگا کر عوامی فنڈز کی بندر بانٹ کی جا رہی ہے۔ اگر ٹینڈرز کو فوری طور پر منسوخ کر کے شفاف طریقے سے دوبارہ نیلامی نہ کی گئی تو ہم عدالت اور احتساب کے اداروں سے رجوع کریں گے موقف علی محمد مستوئی و دیگر کا مطالبہ۔ ٹھیکیداروں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل اوستہ محمد کے حالیہ ٹینڈرز کو فوری طور پر کالعدم قرار دیا جائے۔ چیف آفیسر کے خلاف مبینہ کرپشن اور من مانیوں پر انکوائری بٹھائی جائے۔ ترقیاتی کاموں کی الاٹمنٹ کو پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA) کے قوانین کے مطابق یقینی بنایا جائے۔

رمضان میں مصنوعی مہنگائی برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر خضدار
شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، رمضان المبارک میں مصنوعی مہنگائی برداشت نہیں کی جائے گی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ماہ صیام کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بشیر احمد جنگ اور لائیو اسٹاک سے ڈاکٹر سکندر شاہ، ریات آفیسر نذیر احمد مختلف تجارتی تنظیموں کے نمائندے نے شرکت کی اجلاس کے دوران خضدار اور اس کے گرد و نواح کے شہروں میں رائج قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ خضدار میں اشیاء کی قیمتیں مقرر کرتے وقت بڑی اصلاح کی مارکیٹ صورتحال کو مدنظر رکھا گیا ہے تاکہ تاجروں اور عوام دونوں کے مفادات کا تحفظ ہو سکے۔ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر رمضان پرائس لسٹ کو حتمی شکل دے دی گئی اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا رمضان المبارک برکتوں کا مہینہ ہے، اسے منافع خوری کی نذر نہیں ہونے دیں گے۔ تمام تاجر سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانے اور گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انجمن تاجران کے صدر حافظ حمید اللہ اور شہری ایکشن کمیٹی کے نمائندوں نے انتظامیہ کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر گل گھنور خان گولہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

چھبوہ صحبت پور (اے این این) صحبت پور گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صحبت پور پی ایس پی عبدالحمید کی جانب سے ریٹائر ہونے والے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر گل گھنور خان گولہ کے اعزاز میں ایس پی آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلعی پولیس صحبت پور کے ایس ڈی پی او سرکل صحبت پور ڈی ایس پی عبدالحمید تھیم سمیت دیگر پولیس آفیسران اور جوانان نے شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر PSP عبدالحمید نے ریٹائر ہونے والے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر گل گھنور خان گولہ کی محکمہ پولیس کیلئے کی جانے والی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سراہا اور روایتی انداز میں انہیں سندھی اجرک اور ٹوپی پہنائی اور تعریفی سند پیش کی PSP عبدالحمید نے مزید کہا کہ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر گل گھنور خان گولہ نے دوران ملازمت محکمہ پولیس کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی تقریب کے اختتام پر ریٹائرڈ ڈی ایس پی کو پرتپاک انداز میں الوداع کیا اور نیک تمناؤں کے ساتھ سرکاری گاڑی میں رخصت بھی کیا گیا۔

نوشکی، جے ٹی آئی کا طلبا وطالبات کے تعلیمی تحفظ کے لیے اقدامات کا مطالبہ

نوشکی (یو این اے) جمعیت طلبا اسلام بلوچستان کے صوبائی ناظم عمومی اور ضلع نوشکی کے صدر حافظ سرفراز احمد جنرل سیکرٹری احسان اللہ فاروقی حافظ محمد انس جلال شاہ سعید بلوچ سمیع ارباب انس کو کیچ محمد عثمان سعد ملک مسعود احمد عبدالرحمن عمران فریق ضیا الحق عطاء الرحمن ودیگر اراکین کابینہ نے اپنی جاری کردہ بیان میں کہا کہ نوشکی میں حالیہ حالات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صبح 9 بجے سے قبل بازار کھولنے اور شام 6 بجے سے پہلے کاروبار بند کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں جمعیت طلبا اسلام نوشکی قیام امن کی ہر سنجیدہ کاوش کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے تاہم موجودہ فیصلوں کے تعلیمی نظام پر مرتب ہونے والے سنگین اثرات پر شدید اضطراب اور گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے

نصیر آباد میں اربن پلاننگ عوام کے ساتھ ڈرامہ ہے، سکندر عمرانی
اربوں کے فنڈز، ڈیرہ مراد جمالی، چھتر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوامی ترقی وخوشحالی کے نام پر کھلواڑ کر رہی ہے۔ نصیر آباد میں اربن پلاننگ دراصل عوام کے ساتھ ڈرامہ پلاننگ کے مترادف ہے۔ اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز ملنے کے باوجود ڈیرہ مراد جمالی شہر اور چھتر سمیت پورا حلقہ انتخاب کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی احساس محرومی کے خاتمے کے لیے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کر کے ان کا دل جیتا جا سکتا ہے۔ صوبے میں حالات کو سازگار بنانے کے لیے وفاقی حکومت کو سنجیدہ اقدامات کرنے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وقار موٹرز شوروم کی جانب سے دیے گئے استقبالیہ کے موقع پر میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر سکندر خان عمرانی نے مزید کہا کہ نصیر آباد میں ترقی وخوشحالی کے نام پر اربوں روپے جاری ہونے کے باوجود ڈیرہ مراد جمالی شہر اور حلقہ انتخاب سمیت نصیر آباد کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ شہر میں ترقی تو درکنار، لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی میسر نہیں۔ موجودہ حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ترقی کے نام پر 250 کروڑ روپے کی خطیر رقم کی لاگت سے شروع کیا گیا اربن پلاننگ منصوبہ دراصل عوام کے ساتھ ایک اور ڈرامہ ہے اور یہ منصوبہ بھی ڈیرہ مراد جمالی کے لیے سفید ہاتھی ثابت ہوگا۔

لورالائی، پولیس کی کارروائی میں گرفتار ملزم کو میڈیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے

ڈی جی کا انجینئرز کی عدم موجودگی، عوامی شکایات پر ناراضگی کا اظہار
اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، معین الرحمن

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کی زیر صدارت جی ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ایک اہم پروگریس ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈ نادر بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر شے آصف غنی، پی ڈی واٹر میر جان بلوچ سمیت دیگر انجینئرز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی پروجیکٹ کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جن میں شاہی بازار، جنت بازار، سورگ دل فٹبال گراؤنڈ، یک جان فٹسال گراؤنڈ قدیم ثقافتی ورثہ کی بحالی، واٹر منصوبہ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں ڈرینج وسیوریج لائنز کی تنصیب، سڑکوں اور گلیوں کی توسیع و پختگی کے منصوبے شامل تھے۔ اسی طرح پلیری کور ہور میرین ڈرائیو پر زیر تعمیر کازوے سے متعلق بھی ڈائریکٹر جنرل کو پیشرفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ انجینئرز نے اپنے اپنے منصوبوں سے متعلق فزیکل اور فنانشل پیشرفت اور درپیش چیلنجز سے متعلق بھی ڈائریکٹر جنرل کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نے تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کی سخت ہدایت کی۔ ڈائریکٹر جنرل نے ترقیاتی کاموں کے دوران انجینئرز کی عدم موجودگی سے متعلق عوامی شکایات پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں۔

جنگل پیر علیزئی، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی محب اللہ اچکزئی اصغر باچاخان میین خان اچکزئی کلی قطب پیر علیزئی، گلستان لاجور میں مختلف لوگوں کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر خالد
پی پی ایچ آئی کا اجلاس، طبی سہولیات میں بہتری اور عملے کی حاضری پر سخت ہدایات

کوہلو (نمائندہ مشرق) پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر خالد مری، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب الرحمن کاکڑ، ایم اینڈ ای آفیسر پی پی ایچ آئی کلیم بلوچ سمیت ضلع بھر کے بنیادی مراکز صحت کے انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب الرحمن کاکڑ نے بنیادی مراکز صحت میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری و کارکردگی اور دیگر انتظامی معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مختلف مراکز کو درپیش مسائل، بہتری کیلئے کیے گئے اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان مری نے پی پی ایچ آئی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سطح پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں خدمات کی فراہمی یقیناً ایک مشکل مرحلہ ہے لیکن مربوط حکمت عملی اور ٹیم ورک کے ذریعے نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے تمام انچارجز کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور جذبے کے ساتھ ادا کریں

اوستہ محمد، ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی سے عطاء اللہ بلیدی محمد عبداللہ بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

ضلع مسلم باغ کے قیام کے لیے باقاعدہ تحریک چلانے کا اعلان
آل پارٹیز جرگہ میں متفقہ قرارداد منظور، انتظامی حدود میں تبدیلی مسترد

مسلم باغ (نامہ نگار) ضلع مسلم باغ کے قیام کے حوالے سے ڈی سی ریسٹ ہاؤس مسلم باغ میں آل پارٹیز، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی اور دیگر مکاتب فکر کے نمائندوں کا ایک اہم جرگہ منعقد ہوا۔ جرگہ کی صدارت جماعت اسلامی کے رہنما حاجی عبداللہ سام خیل نے کی۔ جرگے میں ضلع مسلم باغ کے قیام کے لیے باقاعدہ اور منظم تحریک چلانے کا متفقہ فیصلہ کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ مسلم باغ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے کہ علاقے کو ضلع کا درجہ دیا جائے تاکہ عوام کو انتظامی، تعلیمی، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات مقامی سطح پر میسر آسکیں۔ شرکاء نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی امنگوں کا احترام کرتے ہوئے فوری طور پر مسلم باغ کو ضلع کا درجہ دیا جائے۔ اجلاس میں آل پارٹیز کے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ تحصیل مسلم باغ برطانوی دور کی قدیم ترین تحصیلوں میں شامل ہے اور 1901 سے قبل قائم تھی۔ تمام تر انتظامی اور آبادی کے معیار پر پورا اترنے کے باوجود ضلع کا درجہ نہ دینا انتہائی افسوسناک اور عوام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی جس میں واضح کیا گیا کہ تحصیل مسلم باغ، سب تحصیل لوئی بند اور سب تحصیل کان مہترزئی کی انتظامی حدود میں کسی بھی قسم کے ردوبدل کو ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ قرارداد میں یہ بھی دوٹوک الفاظ میں کہا گیا کہ نہ مسلم باغ کے کسی گاؤں کو کسی دوسرے علاقے میں شامل کیا جائے گا اور نہ ہی کسی دوسرے علاقے کو مسلم باغ کی حدود میں شامل کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ شرکاء نے خبردار کیا کہ اگر عوامی امنگوں کے برعکس کوئی اقدام اٹھایا گیا تو اس کے خلاف بھرپور، منظم اور آئینی و جمہوری جدوجہد کی جائے گی۔ جرگے کے اختتام پر آل پارٹیز پر مشتمل ایک اہم کمیٹی تشکیل دی گئی جو تمام اسٹیک ہولڈرز سے ملاقاتیں کرے گی اور ضلع مسلم باغ کے قیام کے لیے مؤثر حکمت عملی تیار کرے گی۔ جرگے میں مختلف سیاسی وسماجی جماعتوں کے قائدین نے اپنے اپنے وفود کے ہمراہ شرکت کی، جن میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اللہ نور خان کاکڑ، پاکستان تحریک انصاف کے حاجی حیات اللہ کاکڑ، عوامی نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر رفیع اللہ کاکڑ، جمعیت اصلاحی کے تحصیل امیر مولوی ذاکر، جمعیت علمائے اسلام (نظریاتی) کے حاجی سمیع اللہ، پشتونخوا میپ کے ادریس خان، پاکستان مسلم لیگ کے عبدالجبار کاکڑ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ملک عبدالرشید کاکڑ اور میرزئی کمیٹی کے چیئرمین صاحبزادہ آمین اللہ کاکڑ شامل تھے۔

سکندر سلطان کی والدہ کی وفات پر صحافیوں کا اظہار تعزیت

سبی (اے این این) سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق سینئر صحافی ادیب شاعر حاجی ریاض ندیم نیازی علامہ حافظ نذر علی القادری ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی میر افضل خان جاندیہ نے ممبر اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت الصالحین انٹرنیشنل کے بانی وامیر صاحبزادہ الحاج پیر خالد سلطان قادری جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے مرکزی چیئرمین الحاج صاحبزادہ پیر محمد سکندر سلطان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے وفد نے کہا کہ والدہ جیسی عظیم ہستی کا سایہ سر سے اٹھ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، جس کا دکھ الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سب صاحبزادہ پیر خالد سلطان قادری اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

ڈپٹی کمشنر استامحمد کا ایکسین بلڈنگز کے ہمراہ زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا دورہ
ڈی سی آفس، اسٹاف چیمبرز مارچ تک تیار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ایکسین

استامحمد (خ ن) محمد رمضان پلال، ڈپٹی کمشنر استامحمد نے ایکسین بلڈنگز محمد یٰسین اور اسسٹنٹ کمشنر محمد رمضان اشتیاق کے ہمراہ زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس استامحمد کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین بلڈنگز محمد یٰسین، ایکسین پی اینڈ آر عبدالستار، متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار بھی موجود تھے۔ ایکسین بلڈنگز نے ڈپٹی کمشنر کو جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت، درپیش مسائل اور تکمیلی مراحل کے حوالے سے جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کو سال 2027 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے۔ مزید بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر آفس اور اسٹاف کے چیمبرز کو مارچ کے اختتام تک تیار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ دیگر بلاکس کو بھی مقررہ مدت سے قبل مکمل کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے کمپلیکس کے مختلف شعبہ جات، دفاتر، مرکزی ہال، انتظار گاہوں، پارکنگ ایریا اور دیگر سہولیات کا باریک بینی سے معائنہ کیا انہوں نے تعمیراتی معیار، کام کی رفتار اور استعمال ہونے والے میٹریل کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ مدت کے اندر کام کی تکمیل یقینی بنائی جائے اور کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تکمیل سے ضلع کے مختلف سرکاری دفاتر ایک ہی چھت تلے منتقل ہو جائیں گے، جس سے انتظامی امور میں نمایاں بہتری آئے گی اور عوام کو سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کا بنیادی مقصد شہریوں کو بروقت، آسان اور باوقار انداز میں سرکاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی کی جائے۔

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 127/26 درخواست گارڈین
سکینہ بی بی زوجہ غلام عباس پتہ بلاک نمبر 3 ہزارہ ٹاؤن بروری روڈ کوئٹہ بنام 1۔ غلام عباس ولد عبدالحکیم پتہ آسٹریلیا 2۔ عوام الناس
اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 25/2/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 13/2/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا
62769

بعدالت صدورا خان ابڑو نائب تحصیلدار میر حسن

اشتہار بنام عوام الناس
ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی جمعہ خان ولد محمد مراد مرحوم قوم سلاوانی ساکن گوٹھ بیج محمد مینگل بیدار اندرون تحصیل ڈیرہ مراد جمالی نے ورثاء سرٹیفکیٹ سیکرٹری یونین کونسل بیدار اندرون ڈیرہ مراد جمالی سے تصدیق شدہ پیش کیے اور زبانی بتایا کہ ہمارا والد عرصہ دراز سے فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء میں میر محمد فقیر محمد جمعہ خان پسران محمد مراد قوم سلاوانی ہیں میر محمد ولد محمد مراد قوم سلاوانی فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء میں دین محمد جان محمد رضا محمد مراد میر محمد قاسم محمد مرید عطا محمد پسران میر محمد قوم سلاوانی ہیں اور فقیر محمد ولد محمد مراد بھی فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء میں علی مراد فیض محمد روز خان پسران فقیر محمد قوم سلاوانی ہیں تحصیل میر حسن میں انتقال وراثت کرانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض پیش کرنا ہو تو اندر سات یوم کے عذر اعتراض پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا آج یہ اشتہار مورخہ 13/2/2026 کو میرے مہر ودستخط سے جاری ہوا
DM نمائندہ

بعدالت جناب سینئر سول جج II کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 25 آئندہ تاریخ پیشی 7/2/2026
1۔ نیلم تاج زوجہ آفتاب لکانی 2۔ جنتی لکانی 3۔ محمد عاصم لکانی 4۔ محمد حسیم لکانی سکنہ آرچر روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس
درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ
اشتہار بنام ہر خاص وعام:۔ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ بالا عنوان میں سائل اسائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 17/2/26 کو مقرر ہو چکی ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کی جاتی ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 30/12/25 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا
62755

بعدالت تحصیلدار رنا صاحب پشین

اشتہار بنام عوام الناس
ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی بارمت ولد اختر محمد قوم کاکڑ شموزئی بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے متوفی کے جائز ورثاء میں چار لڑکے نمبر 1۔ عبدالغفار نمبر 2۔ عبدالجبار نمبر 3۔ راز محمد نمبر 4۔ عبدالمتین اور چار لڑکیاں نمبر 1۔ زامیرہ نمبر 2۔ حلیمہ نمبر 3۔ ظاہرہ نمبر 4۔ طیبہ ژی جائز ورثاء ہے اسکے علاوہ متوفی کا کوئی جائز وارث نہیں ہے اور وارثان کو وراثت انتقال مطلوب ہے اگر اس وراثت پر کسی فرد یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر زیر دستخطی کو مطلع کریں مقررہ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا بمورخہ 12/2/26 کو میرے مہر ودستخط سے جاری ہوا
نمائندہ خانوزئی

بعدالت تحصیلدار رنا صاحب پشین

اشتہار بنام عوام الناس
ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی وزیر محمد ولد عبدالستار قوم کاکڑ شموزئی بقضائے الٰہی وفات پا چکا ہے جن جائز ورثاء میں تین 3 لڑکے نمبر 1۔ نادر خان نمبر 2۔ عبدالظاہر نمبر 3۔ شادی خان اور ایک لڑکی مسماۃ بی بی عالیہ چھوڑے ہیں اسکے علاوہ متوفی کا کوئی جائز وارث نہیں ہے اور وارثان کو وراثت انتقال مطلوب ہے اگر اس وراثت پر کسی فرد یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر زیر دستخطی کو مطلع کریں مقررہ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا بمورخہ 12/2/2026 کو میرے مہر ودستخط سے جاری ہوا
نمائندہ خانوزئی

TENDER NOTICE

TSE-252602972733 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The RPO/DIGP CENTRAL REGION KHUZDAR KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR AND REHABILITATION DIGP KALAT RANGE OFFICE AT KHUZDAR.	1,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 1,050,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 27 February, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 27 February, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Near DC office Khuzdar, Chakar Khan Road
Phone no: 3337992321 Email: rpokhuzdar@gmail.com

DEPUTY INSPECTOR GENERAL OF POLICE KALAT RANGE AT KHUZDAR
PRQ No.3769/13-02-2026

TENDER NOTICE

The office of Chief Officer District Council Kohlu invites sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **Grant-in-aid. Call Deposit is 2%.** Tender Fees is Rs. 1500 on name of District Council Kohlu Account#5121-6

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Water Supplies Schemes in Various Villages at District Kohlu. *TSE-252602972433*	25.2 M
2.	Water Supply Schemes & Pipelines at Various Villages in District Kohlu. *TSE-252602972503*	9.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage two envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from **https://bppthree.vdc.services/tenderssearch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th February 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **27th February 2026** at the office of the undersigned at **11:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **12:00 P.M Address:** Office of Chief Officer District Council Kohlu.

Chief Officer District Council Kohlu
AB No.844/13-02-2026

TENDER NOTICE

The DEPUTY DIRECTOR LIVESTOCK KILLA ABDULLAH invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252601960186 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 1)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,500,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 1,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work with completion having 60% cost Written confirmation (Power of Attorney) authorizing a person, All Pending litigation, All Non- performance of a contract did not occur within the last 5 years, under execution, conflict of interest, Documents originality. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 27 February, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 27 February, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: DISTRICT LIVE STOKE OFFICE JUNGLE PIRALAZAI DISTRICT KILLA ABDULLAH
Phone no: 0301376799 Email: tajuddinkhan0301@gmail.com

PRQ No.3770/13-02-2026
District Livestock Officer livestock & Diary Development Department Balochistan Killa Abdullah

TENDER NOTICE

The office of Chief Officer District Council Kohlu invites sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under Grant-in-aid. Call Deposit is 2%. Tender Fees is Rs. 1500 on name of District Council Kohlu Account#5121-6

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Fixing Of Tuff Tiles Killi Sawal Khan at District Kohlu *TSE-252602972523*	4.0 M
2.	800ft Sewerage Line & Steel Manholes Mohabat Abad at District Kohlu *TSE-252602972533*	4.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage one envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from **https://bppthree.vdc.services/tenderssearch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th February 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **27th February 2026** at the office of the undersigned at **11:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **12:00 P.M**
Address: Office of Chief Officer District Council Kohlu.

AB No.841/13-02-2026
Chief Officer District Council Kohlu

TENDER NOTICE

The office of Chief Officer District Council Kohlu invites sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **Grant-in-aid. Call Deposit** is 2%. Tender Fees is Rs. 1500 on name of District Council Kohlu Account#5121-6

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Underground Tank & Water Connection and Water Bore Various Villages District Kohlu *TSE-252602972413*	11.2 M
2.	Construction Of Home Water Tanks at Various Villages at District Kohlu. *TSE-252602972443*	11.2 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage two envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from **https://bppthree.vdc.services/tenderssearch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th February 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **27th February 2026** at the office of the undersigned at **11:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **12:00 P.M Address:** Office of Chief Officer District Council Kohlu.

AB No.843/13-02-2026
Chief Officer District Council Kohlu

TENDER NOTICE

The office of Chief Officer District Council Kohlu invites sealed percentage tender on composite schedule of rate 2023 Government of Balochistan (amended up to date) from interested contractors/firms for the following works under **Grant-in-aid. Call Deposit is 2%.** Tender Fees is Rs. 1500 on name of District Council Kohlu Account#5121-6

S#	Name of Work	E/Cost
1.	Installation Of Home Solar System & Purchase of Sewing Machines Killi Misri Khan Shahija, Saddar Bazar, Killi Rohail Marri, Killi Karam Khan Sher & Maiwand City at District Kohlu. *TSE-252602972453*	3.6 M
2.	Installation Of Home Solar System Different Areas at District Kohlu. *TSE-252602972463*	2.2 M
3.	Installation Of Home Solar System Different Areas District Kohlu. *TSE-252602972553*	6.0 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules-2014 single stage two envelope procedure. **Eligibility of Bidders:** Bidding firms must have valid registration with PEC in category C-6 or above. Bidding firm must be registered with FBR and BRA. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from **https://bppthree.vdc.services/tenderssearch. Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **27th February 2026** during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by **27th February 2026** at the office of the undersigned at **11:00 A.M** sharp, after which the bidder will not be entertained. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed office at **12:00 P.M Address:** Office of Chief Officer District Council Kohlu.

AB No.842/13-02-2026
Chief Officer District Council Kohlu

اسپورٹس

روزنامہ مشرق کوئٹہ

محبت صرف ایک دن کیوں؟

تحریر: حافظ سعید احمد ربانی

یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اسلام جیسا کامل و مکمل دین محبت جیسے بنیادی فطری احساس کے اصول و ضوابط سے تہی دامن ہو؟ ہوس پرستوں نے اپنی نفسانی خواہشات کو محبت کا نام دے کر اس کے ...

ہونے کے سوا اور کیا مقصد ہوسکتا تھا؟ ہر سال 14 فروری کو ویلنٹائن ڈے کے نام پر مغرب ان کے نظریاتی حامی اور ان سے مرعوب اقوام کے ہاں فحاشی و عریانی کا ایک بازار گرم ہوتا ہے جس کے زیر اثر ہمارے بہت سے مسلمان بھی آچکے ہیں محبت کا محبت بھرا عنوان اس لائق نفرت فعل پر چسپاں کرنے سے محبت نام ہی قابل نفرت بن چکی ہے کسی کی بہن بیٹی کو اپنی ہوس کا نشانہ بنانے والے یہ بھول بیٹھتے ہیں کہ ان کے اپنے گھروں میں بھی بہن یا بیٹی کی صورت میں عورت موجود ہے ...

عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، ڈی سی لورالائی میران بلوچ

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ نے کہا کہ عوام کو درپیش حقیقی مسائل کے حل کے لیے آخری حد تک جانے سے بھی گریز نہیں کیا جائیگا ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے پی ایس کے دفتر میں سائلین اور وفود سے ملاقات کی اور انکے مسائل جانے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو لکھنے کے موقع پر قبائلی سیاسی و سماجی وسائلین سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عوام کے ...

میر محمد بلال کا پارٹی وطالقانی امور پر سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ

... میں صاف پانی، نکاسی آب، صحت، تعلیم، روزگار اور مارکیٹوں کی بہتری شامل ہیں۔ پیپلز پارٹی کی ترجیحات میں سرفہرست ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مارکیٹ کمیٹی کے ذریعے تاجر برادری کو سہولیات کی فراہمی، نرخناموں پر عملدرآمد اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

عیدالفطر تک تمام منصوبوں کی تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر سبی

والدین اپنے گھروں میں نوجوانوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں، الیاس کبزئی

سبی (ن ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی صدارت میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اور ضلعی انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ونگ کمانڈر کرنل شہریار، ایس ایس پی شاہنواز چاچڑ، اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان ہنگورئی، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان تاجک سمیت تمام محکموں کے سربراہان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت ...

انہوں نے واضح کیا کہ اگر کوئی بھی ٹھیکیدار مقررہ مدت میں کام مکمل نہ کرے یا ناقص و غیر معیاری کام کرے تو اسے بلیک لسٹ کرنے کے ساتھ ایف آئی آر بھی درج کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عیدالفطر تک تمام منصوبوں کی تکمیل یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے موجودہ حالات کے پیش نظر سیکیورٹی اور نگرانی کے امور پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ والدین اپنے گھروں میں نوجوانوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں تاکہ وہ کسی بھی ...

نمائندگان کنسٹرکشن ایسوسی ایشن کی حبیب الرحمن سے ملاقات

... پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے منیجنگ ڈائریکٹر حبیب الرحمن جاموٹ اور بی پی پی آر اے ٹیم سے ملاقات کی، جس میں پبلک پروکیورمنٹ گورننس میں اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ایسوسی ایشن نے شفافیت، کارکردگی اور قواعد وضوابط پر عملدرآمد کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں

نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جائے، لیاقت علی

ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کیا جائے تاکہ امتحانات پرامن ماحول میں منعقد ہوسکیں

... کمشنر مچھ لیاقت علی جتوئی نے میٹرک کے سالانہ امتحانات کے شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے امتحانی مرکز گورنمنٹ ہائی سکول مچھ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے امتحانی کمروں کا معائنہ کیا اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات، بیٹھنے کے انتظامات، روشنی، پنکھوں اور سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں ...

... اخلاق پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے تاکہ امتحانات شفاف اور پرامن ماحول میں منعقد ہوسکیں اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ نے جاری امتحانی عمل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تمام انتظامات بورڈ کی ہدایات کے مطابق مکمل کیے گئے ہیں اور سیکیورٹی اہلکار بھی تعینات ہیں اسسٹنٹ کمشنر نے طلبہ سے بھی مختصر گفتگو کی

اوستہ محمد، تحصیل ارشاد علی ابڑو، علی محمد مستوئی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کر دیا گیا۔ ڈاکٹرز نے دونوں اہلکاروں کی حالت کو خطرے سے باہر قرار دیا ہے۔ ڈی آئی جی بنوں ریجن سجاد خان کی ہدایات پر لکی مروت پولیس، امن کمیٹی اور بنوں پولیس کی بھاری نفری بمع APCs جائے وقوعہ پر پہنچی اور علاقے میں سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن شروع کر دیا گیا۔ کارروائی کے دوران پولیس نے بروقت اور مؤثر حکمت عملی اپناتے ہوئے دہشت گردوں کا ایک کواڈ کاپٹر (ڈرون) مار گرایا جبکہ پولیس کا جدید ڈرون فضا میں بلند ہوتے ہی دہشت گردوں کے ڈرون غائب ہو گئے۔

بقیہ 32 — عادل بازئی

اسمبلی ملک عادل خان بازئی بالکل خیریت سے ہیں انہیں لیپوما (Lipoma) تھا جو کہ ایک بے ضرر چربی کی گلٹی ہوتی ہے، اس کا کامیاب علاج ہو چکا ہے اسے غلطی سے Lymphoma کینسر (کینسر) سمجھ لیا گیا تھا جو درست نہیں تھا، ترجمان نے کہا کہ تمام احباب کا محبت اور دعاؤں پر دل سے شکرگزار ہیں۔

بقیہ 33 — افغان گرفتار

قانونی کارروائی کے بعد انہیں متعلقہ حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی امن و امان کی بحالی اور سرحدی نگرانی کو مؤثر بنانے کے لیے کی گئی ہے۔ مقامی شہریوں نے سکیورٹی فورسز کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے علاقے میں قانون کی عملداری مضبوط ہوگی۔

بقیہ 34 — چاندی برآمد

کارروائیوں میں مجموعی طور پر اعلیٰ معیار کی 43.8 کلوگرام چرس، 8 کلوگرام افیون اور 26 کلوگرام چاندی برآمد کر لی گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ پکڑی گئی منشیات اور چاندی کی عالمی مارکیٹ میں مالیت تقریباً 33.13 ملین امریکی ڈالر کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے۔ ترجمان کے مطابق روڈ چیکنگ کے دوران اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش کو ناکام بنایا گیا اور ملزمان کے قبضے سے منشیات تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 35 — محمد علی درانی

جس میں نواز شریف فعال کردار ادا کر رہے ہیں جب کہ ان کی جانب سے رانا ثنا اللہ بھی اس ضمن میں مثبت سیاسی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول نے شہید بینظیر بھٹو کی برسی کی تقریب سے خطاب میں زرداری صاحب سے کہا تھا کہ وہ مفاہمت کے لیے کردار ادا کریں، جس کے بعد زرداری صاحب خاموشی سے کردار ادا کر رہے ہیں۔ دوسری طرف نواز شریف اپوزیشن کو اپنے ساتھ انگیج کر کے مفاہمت کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ محمد علی درانی کے مطابق صدر آصف علی زرداری اور مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے سیاسی مفاہمت کے لیے اپنا کردار ادا کرنا شروع کیا ہے، جس کے اثرات بھی نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علاج کے معاملے میں حکومتی رویہ مناسب نہیں رہا، زرداری صاحب نے اپنی آدھی قید اسپتالوں میں گزاری، جب کہ نواز شریف بھی اس صورتحال سے گزر چکے ہیں۔ عمران خان کی آنکھ اور صحت سے متعلق ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

بقیہ 36 — نور محمد دمڑ

ساتھ شرکت کی شرکاء نے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے سجادی بازار کو پاکستان کے پرچموں سے سجایا گیا تھا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اس کی حفاظت خون پسینہ ایک کر کے کریں گے اور ہم سب مل کر ملک کی ترقی اور سلامتی کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے ہم اپنی فوج اور دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ ملکر شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ملک کی سلامتی اور ترقی کے لیے پاک افواج اور سولین شہداء کی قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی لازوال قربانیاں ہم سب کے لیے باعث فخر ہیں اور ہم سب نے ملکر پاک افواج اور حکومت کے ہاتھ مزید مضبوط کرنے ہیں۔ انہوں نے کہ گزشتہ دنوں فتنہ الخوارج نے جس طرح کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر اضلاع پر بزدلانہ حملہ کی کوشش کی اس کو ہمارے فوج اور دیگر اداروں نے قربانی دیکر بری طرح ناکام کیا، اور دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کیا جو کہ قابل قدر ہے، پاک فوج کے ساتھ ملک کے بچے بچے روز عوام کھڑے ہیں آج کی شاندار ریلی میں ہزاروں افراد کی شرکت نے یہ ثابت کیا ہے کہ یہاں کے لوگ محب وطن پاکستانی اور پاک فوج سے محبت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور اسرائیل پاکستان کے ازلی دشمن ہیں ہندوستان پاکستان کے بننے کے بعد پاکستان کو توڑنے کی کوششیں کر رہا ہے لیکن ہر دفعہ ان کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا پاکستان ہمیں کسی نے تحفے میں نہیں دیا ہے بلکہ اس ملک کو حاصل کرنے کیلئے قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں بزرگوں نے اپنے خون کی قربانی دی ہے، اس مملکت خداداد کی چپے چپے کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے کہا پوری پاکستانی قوم پاک فوج کے ساتھ ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کی پالیسیوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں دہشتگردوں کی بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں ہم ملٹ کی پالیسیوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 37 — اہلیہ کو نان نفقہ

نے شوہر کو حکم دیا کہ اہلیہ کو تاحیات الگ پورشن میں رکھیں، جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیئے کہ بچوں کا بٹوارا نہیں ہو سکتا، بچے پراپرٹی نہیں ہوتے۔ مردوں کا ترتیبی نقصان ہے، عورت والدین کا گھر چھوڑ کر آتی ہے اس کو احترام ملنا چاہیے، مرد زرا بیوی کے گھر رہ کر دکھائے نا، مرد کا کام ہے کہ عورت کو الگ رہائش مہیا کرے۔ معلوم ہوتا ہے کہ میاں بیوی سے زیادہ خاندان کا مسئلہ ہے۔

بقیہ 38 — بارش کا امکان

اطراف کے علاقوں میں بارش کا سبب بن سکتا ہے محکمہ موسمیات کے مطابق 17 فروری کو اس سسٹم کے زیر اثر کراچی میں ہلکی بارش ہو سکتی ہے، سندھ کے مغربی علاقوں میں بھی یہ سسٹم ہلکی بارش کا سبب بن سکتا ہے جبکہ 18 فروری کو سسٹم کے ملک کے بالائی علاقوں میں بھی اثر انداز ہونے کا امکان ہے۔ مغربی ہواؤں کا سسٹم بلوچستان میں داخل، کوئٹہ سمیت بیشتر علاقوں میں موسلادھار بارش اس کے علاوہ محکمہ موسمیات نے کراچی کے موسم کے حوالے سے مزید بتایا کہ کراچی میں ہفتہ اور اتوار کو صبح ہلکی دھند کا امکان ہے جب کہ ہفتہ اور اتوار کو مطلع صاف اور تیز دھوپ رہے گی، اس دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے۔ دوسری جانب موسمیاتی تجزیہ کار کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ 16 سے 18 فروری کے دوران سندھ اور بلوچستان پر اثر انداز ہو سکتا ہے، سسٹم سے ہونے والی بارش کی شدت اور اثرات سے متعلق آئندہ دونوں میں بہتر پیش گوئی کی جا سکے گی۔

بقیہ 39 — سودا بازی نہیں

کیے تھے انشاء اللہ انہیں ہر صورت میں پورا کریں گے یہ بات انہوں نے جمعہ کو پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ سرکی روڈ پر ملاقات کرنے والے کوئٹہ سٹی کے سینئر رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما، اختر بلوچ اور دیگر بھی موجود تھے۔ روزی خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی ہے اور عوام کے حقوق کیلئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز بلند کی اور کبھی بھی عوام کے حقوق پر سودا بازی نہیں کی یہی وجہ ہے

بقیہ 40 — ضرورت ہے

ذریعے جمہوری نظام کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے Sixth onWorkshopInternational Stability and Leadership کے بین الاقوامی وفد سے سینیٹ آف پاکستان میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر قائم مقام چیئرمین نے سینیٹ نے وفد کو ایوان بالا کے آئینی کردار، پارلیمانی طریقہ کار، قانون سازی کے عمل اور جمہوری استحکام میں سینیٹ کے مؤثر کردار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ملاقات میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے مندوبین، کاروباری و تعلیمی شعبوں کے نمائندگان، تھنک ٹینکس کے ماہرین، سرکاری و عسکری حکام اور میڈیا سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ قیادت اور استحکام جیسے اہم موضوعات پر عالمی سطح پر سنجیدہ مکالمہ وقت کی اہم ضرورت ہے

بقیہ 41 — کینسل کیا جائے۔

یہ طریقہ کار ملکی معیشت کو مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے جاری بیان میں کہا کہ ٹرانسپورٹرز کو ڈرا دھمکا اور بندوق دکھا کر ٹیکس جمع کرنا ملک کے کسی بھی قانون میں نہیں لکھا ہے اس طرح کا عمل باعث نقصان ہو سکتا ہے اور کسی بڑے سانحے کو جنم دے سکتا ہے این 25 فلات ٹول پلازہ کسی بھی لحاظ سے ہمیں قابل قبول نہیں ہے نیشنل ہائی وے اتھارٹی بند کمروں میں فیصلہ کر کے ٹرانسپورٹرز پر مسلط نہیں کر سکتی ایسے فیصلے ہمیشہ نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں تا کہ کی تصادم سے بچنے کیلئے فلاور N25 قلات ٹول پلازہ کو ختم کیا جائے اور مذکورہ بڈر کے ٹھیکہ کو کینسل کیا جائے۔

بقیہ 42 — مطابق کارروائی

دلیا گیا۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، لیویز اور اے این ایف مشترکہ طور پر کارروائیاں کر رہی ہیں اب تک 70 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے پر پوست کی کاشت کی نشاندہی کی جا چکی ہے۔ فصل ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے مکمل نشاندہی کے بعد کارروائی مزید تیز کی جائے گی ان کارروائیوں کے دوران 150 سے زائد ٹیوب ویل/ڈھانچے مسمار، 1316 سولر پلیٹس، 300 پانی کے ٹینک قبضے میں لیے گئے اور متعدد افراد کے خلاف ایف آئی آر درج اور کئی افراد کو فورتھ شیڈول میں شامل کیا گیا کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت دی کہ تمام متعلقہ ادارے ایکشن پلان کے مطابق کارروائی مزید تیز کریں

بقیہ 43 — تکالیف سے کوئی

روز سکیورٹی کے نام پر اہم شاہراہوں اور مرکزی سڑکوں کو پبلک ٹریفک کیلئے بند کرنا معمول بنتا جا رہا ہے جس کے باعث شہریوں کو شدید اذیت، ذہنی کوفت اور ناقابل بیان مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے پورا شہر گھنٹوں جام رہتا ہے مریض، طلبہ، بزرگ اور ملازمت پیشہ افراد سڑکوں پر خوار ہوتے ہیں مگر حکومت وقت عوام کو اس تکالیف سے کوئی سروکار نہیں

بقیہ 44 — موثر مانیٹرنگ نظام

بقیہ 45 — ریہ بازیاب

بقیہ 46 — بیئرنگ برآمد

بقیہ 47 — سخت تشویش

بقیہ 48 — حافظ نعیم الرحمٰن

بقیہ 49

بقیہ 50 — اعتراف

بقیہ 51 — جس کی وجہ سے

بقیہ 52 — احسن اقبال

بقیہ 53 — مقرر کر دیا گیا

بقیہ 54

بقیہ 55 — مزید کارروائی

بقیہ 56 — محمد عبدالقادر

بقیہ 57 — 60 کلو چاندی برآمد

بقیہ 58 — نہیں کرے گی

بقیہ 59 — ڈرگ خان مندوخیل

بقیہ 60 — بکرن بلوچ

بقیہ 61 — سیکرٹری بلدیات

بقیہ 62 — کے مترادف

بقیہ 63 — تیسرا اہم سیمینار

بقیہ 64

بقیہ 65 — برقرار رکھا جائے

بقیہ 66 — اقدامات جاری

بقیہ 67 — بھرتیوں کا اعلان

بقیہ 68 — کو تقویت

بقیہ 69 — عوامی بابا

بقیہ 70 — اے ایم

بقیہ 71 — جڑے ہوئے ہیں

جنوبی بلوچستان میں روزگار و ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں، آئی جی ایف سی ساؤتھ

ضرورت موثر رہنمائی، ہنرمندی اور خود اعتمادی کو فروغ دینے کی ہے، صوبائی وزیر سماجی بہبود میر ظہور بلیدی، سیکریٹری امور نوجوانان درا بلوچ

تربت میں سیمینار کا مقصد نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع کی نشاندہی کرنا تھا، اہم شخصیات، میڈیا نمائندگان بھی شریک

کوئٹہ (آئی ایس پی آر) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیر اہتمام تربت میں "جنوبی بلوچستان میں روزگار کے مواقع" کے عنوان سے سیمینار منعقد ہوا۔ سیمینار میں سول انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، دانشوروں، میڈیا نمائندگان اور تربت کے تمام کالجز اور یونیورسٹی کے طلباء و طالبات ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران اراضی تنازعہ حل کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

سوراب: پروفیسر حاجی محمد اکبر ملازئی ٹریفک حادثہ میں جاں بحق

سوراب (نامہ نگار) ممتاز ماہر تعلیم اور سینکڑوں طلباء کے استاد پروفیسر حاجی محمد اکبر ملازئی ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ حادثہ ضلع گوادر کے ساحلی شہر پسنی کے مقام پر پیش آیا جہاں ان کی گاڑی کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں پروفیسر حاجی محمد اکبر ملازئی کے بیٹے اور خاندان کے دیگر افراد بھی شدید زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جاری ہے۔

عمران خان کے ساتھ حکومتی رویہ قابل تشویش ہے، نوابزادہ لشکری رئیسانی

سیاسی قیادت و کارکنوں پر حکومتی طاقت نے ظلم و جبر کیا، سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ عمران خان کی بیماری کا سن کر انتہائی دکھ اور افسوس ہوا، عمران خان کیساتھ حکومتی رویہ نے تاریخ کو دوبارہ دہرایا ہے، اپنے ایک بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا ہے کہ عمران خان کے امراض چشم میں مبتلا ہونے کا سنا جو انتہائی افسوسناک ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی: پرندوں کے شکار پر پابندی عائد

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی نے ڈیرہ بگٹی میں تمام موسمی پرندوں اور جنگلی جانوروں کے شکار کرنے پر فوری پابندی عائد کر دی۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کے آفس سے جاری کردہ اعلامیہ نمبر / ڈی سی / جی بی / 38/430 کے تحت ڈیرہ بگٹی کے تمام علاقوں حدود اور ایریاز میں موسمی پرندوں جنگلی جانوروں کے شکار پر فوری طور پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اور اگر کوئی شکار کرتے ہوئے پایا گیا تو اسے گرفتار کر کے مقدمہ درج اور اسلحہ و گاڑیاں تحویل میں لے جائیں گی۔

کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نقل کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات

شفاف امتحانی نظام کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا، افسران کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے حالیہ جاری میٹرک امتحانات کے دوران مختلف امتحانی مراکز کے دورے کئے گئے۔ یہ اقدامات میر اللہ یار ہی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں نقل میں لائے گئے تمام سب ڈویژنز میں انتظامی آفیسران نے امتحانی مراکز کا معائنہ کیا، سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور نقل کی روک تھام کیلئے موثر ...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل: آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام پریشان

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مہنگائی بے قابو ہو گئی ہے، رمضان المبارک کی آمد سے قبل آٹے کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ 40 کلو آٹے کی بوری کی قیمت 5000 روپے سے تجاوز کر گئی ہے، جس کے باعث دیہاڑی دار اور غریب طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہو گیا ہے اور دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ انتظامیہ کی جانب سے مؤثر کنٹرول نظر نہیں آ رہا۔ آٹے کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

قبائلی تنازعات کا خاتمہ ناگزیر ہے، سردار عبدالرحمان کھیتران

حکومت مسائل کے حل اور تنازعات کے پرامن تصفیے کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، صوبائی وزیر

بارکھان (آن لائن) صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، سردار عبدالرحمان کھیتران نے یونین کونسل صدر کا دورہ کیا اور سید برادری اور زکوانی برادری کے مابین جاری اراضی تنازع کے حل کے سلسلے میں جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر صوبائی وزیر نے دونوں فریقین کی موجودگی میں متنازعہ اراضی کا جائزہ لیا اور متعلقہ قبائلی عمائدین و ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: پشتونخوامیپ کے جمال خان اچکزئی، صلاح الدین ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوام سے کئے تمام وعدے پورے کریں گے، روزی خان کاکڑ

مخلوط حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے وسائل بروئے کار لا رہی ہے، مرکزی رہنما پی پی پی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، و سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ سیاسی جماعت ہے اور ہمیشہ عوام کے ووٹوں سے اقتدار میں آئی ہے بلوچستان کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عام انتخابات کے دوران عوام سے جو وعدے ...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان امن پسند، خطے میں تعمیری تعاون پر یقین رکھتا ہے، سیدال خان ناصر

ایوان بالا وفاق کی علامت جو تمام صوبوں کو مساوی نمائندگی فراہم کرتا ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جو خطے اور عالمی سطح پر قیام امن، مکالمے، باہمی احترام اور تعمیری تعاون پر یقین رکھتا ہے، ایوان بالا وفاق کی علامت ہے جو تمام صوبوں کو مساوی نمائندگی فراہم کرتا ہے سینیٹ قانون سازی، حکومتی امور کی نگرانی اور پالیسی رہنمائی کے ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

غنڈہ گردی کے ذریعے ٹول ٹیکس جمع نہیں کرایا جاسکتا، آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن

عملے کا رویہ درست نہیں، قلات ٹول پلازہ کسی طرح ہمیں قبول نہیں، شمس شاہوانی

نوٹس نہ لیا گیا تو بلوچستان بھر میں تیل کی سپلائی روک دیں گے، چیئرمین ایسوسی ایشن

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر شمس شاہوانی نے این 25 قلات ٹول پلازہ کے عملے کی جانب سے ٹرانسپورٹروں کے ساتھ غنڈہ گردی بدمعاشی اور ناروا سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلات ٹول پلازہ عملہ بندوق کی زور اور غنڈہ گردی و بدمعاشی کر کے ٹول ٹیکس جمع نہیں کر سکتا اور نہ ہی ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

نان رجسٹرڈ زرعی آمدن رکھنے والوں کی نشاندہی کی جائے، کمشنر کوئٹہ

زرعی انکم ٹیکس کی موثر وصولی سے آمدن میں اضافہ اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے وسائل دستیاب ہوں گے، شاہزیب خان کاکڑ

موثر کارروائی کے ذریعے منشیات کی کاشت کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جا سکتا ہے، جس کیلئے مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ن ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایس نرسنگ پروگرام، داخلوں کی آخری تاریخ میں توسیع

کوئٹہ (آن لائن) یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز ...... درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کا اعلان کر دیا ہے۔ اب درخواستیں جمع کرانے کی نئی آخری تاریخ منگل 24 فروری 2026 مقرر کی گئی ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق اس توسیع کا مقصد زیادہ سے زیادہ اہل امیدواروں کو داخلے کے مساوی مواقع فراہم کرنا اور صوبہ بھر میں نرسنگ تعلیم کے فروغ کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ: بار ایسوسی ایشن کے عدالتی بائیکاٹ کے موقع پر ضلع کچہری میں سیاہ جھنڈا لگایا گیا ہے

شاہراہوں کی بندش سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

حکومت کو عوام کی تکالیف کی کوئی پرواہ نہیں، حاجی عین اللہ شمس، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، مفتی روزی خان بادیزئی اور دیگر نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں آئے ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات فیلڈ افسران کی غیر حاضری پر برہم

میر سلیم کھوسہ کی افسران کو ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کا فیلڈ افسران کی غیر حاضری پر سخت نوٹس، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے فیلڈ افسران کی اپنی متعلقہ ڈیوٹی اسٹیشنز پر عدم موجودگی کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی اور عوامی خدمات کی بروقت فراہمی کو ہر ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ماورائے آئین و قانون اقدامات کی مذمت کرتے ہیں، نیشنل پارٹی

آغا شاہد علی و آغا لال شاہ کو فوری بازیاب کرایا جائے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ نیشنل پارٹی تحصیل سریاب کے نائب صدر آغا محمد شاہ کے دو بھتیجوں آغا شاہد علی اور آغا لال شاہ کو گزشتہ رات ماورائے قانون گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا اور خاندان کو ان ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پولیس کی مہم جاری، سنگین وارداتوں میں ملوث 173 ملزمان گرفتار

12 مسروقہ گاڑیاں، 42 موٹر سائیکلیں، 17 موبائل فون، 153 پسٹل و ریوالور، 20 کلاشنکوف، 1397 کارتوس، 119 میگزین برآمد، 9 مغوی بازیاب

114 گرام ہیروئن، 15.740 افیون، 60 گرام مارفین، 1.245 کرسٹل، 1132 شراب کی بوتلیں اور 564 بیئر کین برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس نے صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر منشیات فروشوں، اشتہاری، مفرور سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف جاری مہم کی خصوصی کارروائیوں میں 173 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 12 مسروقہ گاڑیاں، 42 موٹر سائیکلیں، 17 موبائل فون، 153 پسٹل و ریوالور، 20 کلاشنکوف، 1397 کارتوس، 119 میگزین برآمد کرنے کے علاوہ 9 مغویوں کو بھی بازیاب کرایا آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان پولیس نے صوبہ بھر میں منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر، موثر ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کی کارروائی، ڈکیتی میں ملوث ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم و اسلحہ برآمد

کوئٹہ (این این آئی) سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے ڈکیتی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے ترجمان کے مطابق 29 مئی 2025 کو پولیس تھانہ سول لائن کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر ایک شخص سے 30 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے جس کا مقدمہ سول لائن پولیس تھانے میں درج کیا گیا جس کی تفتیش سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے آرمڈ رابری یونٹ منتقل کی گئی ایس ایس پی آئی ڈبلیو ای اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگایا اور اسپیشل آپریشن ٹیم سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کی مدد سے کامیاب کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والی ہنڈا 125 موٹر سائیکل، پسٹل اور چھینی گئی

عمران خان کے ساتھ رویہ بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہے، پشتونخوامیپ

زیر حراست افراد کو طبی سہولیات فراہم کرنے میں غفلت سے گریز کیا جائے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں تحریک انصاف کے بانی رہنما، اور سابق وزیر اعظم عمران خان کی آنکھ کی بینائی کی ابتر اور تشویشناک صورتحال پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ اڈیالہ جیل میں دوران قید ملک کی ایک بڑی اور مقبول عوامی سیاسی جماعت کے قائد کے ساتھ اس نوعیت کا رویہ نہ صرف غیر انسانی ہے بلکہ جمہوری اقدار اور بنیادی انسانی حقوق کے منافی بھی ہے ...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی نااہلی سے ٹیکسز میں اضافہ، قوم سود تلے دبی ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

انڈسٹریل اسٹیٹ زوال کا شکار، مزدور بیروزگار ہو رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی

ہری پور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومتی نااہلی سے ٹیکسز میں اضافہ اور قوم سود کی ادائیگیوں تلے دبی ہوئی ہے۔ خیبر پختونخوا کے علاقے ہری پور میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹ حکومتی پالیسیوں کے باعث زوال کا شکار ہے، صنعتیں بند اور مزدور بیروزگار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو روزگار کے مواقع نہیں مل رہے، حکومتی نااہلی سے ٹیکسز میں اضافہ اور ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: کشمیر ڈے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں محمد آصف شایان علی مددجنگ کو شیلڈ دے رہے ہیں

کسی کی صحت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، اختیار ولی

بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے باہر جانا ہے تو درخواست دیں، انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اطلاعات کے پی اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے باہر جانا ہے تو درخواست دیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 2 دسمبر کو عظمیٰ خان کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی تھی، جس میں بانی کی صحت ٹھیک بتائی گئی تھی۔ اختیار ولی خان نے واضح کیا کہ کسی کی صحت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے خود 14 بار جیل جانے کا تجربہ رکھتے ہوئے کہا کہ جیل میں اپنا قانون ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کیخلاف پاکستان کے شاندار کردار کا عالمی سطح پر اعتراف

معاشی، تجارتی اور تکنیکی شعبوں میں بڑھتی ہوئی شراکت داری پاکستان کی اسٹریٹجک اہمیت کو مزید اجاگر کر رہی ہے

دہشتگردی کیخلاف کوششوں کے باعث پاکستان ایک حقیقی "نیٹ ریجنل اسٹیبلائزر" کے طور پر ابھر رہا ہے، ماہرین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی اور باہمی تجارت کے شعبوں میں پاکستان کے کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔ حکام اور ماہرین کے مطابق پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف موثر اقدامات اور قربانیوں کے ذریعے بین الاقوامی برادری میں ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنی ساکھ مضبوط کی ہے۔ امریکی معاون وزیر خارجہ پال کپور نے کہا کہ خطے میں انسداد دہشت گردی کیلئے پاکستان امریکا کا ایک اہم شراکت دار ہے۔ ان کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی تعاون نہ صرف دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: کمشنر کوئٹہ شاہزیب خان پوست کی فصل کے تدارک سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مراعاتی پیکج متعارف، اعزازات کا اعلان

مارچ 2026 کو یوم پاکستان کی تقریب میں سول ایوارڈ دیئے جائیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے دنیا بھر میں مقیم ممتاز اوورسیز پاکستانیوں کو خدمات کے اعتراف میں سول اعزازات دے گی۔ مارچ 2026 کو یوم پاکستان کی تقریب میں دنیا بھر میں مقیم ممتاز اوورسیز پاکستانیوں سول ایوارڈ دیئے جائیں گے۔ وفاقی حکومت نے بیرون ملک پاکستانیوں کیلئے مراعاتی پیکج بھی متعارف کرا دیا، تارکین وطن اور اہلخانہ کے لیے خصوصی مراعات پر مشتمل جامع پیکج ملے گا، اوورسیز پیکج میں جدید سیکیورٹی خصوصیات سے مزین نیکسٹ جنریشن ممبر شپ کارڈ شامل ہے۔

بلوچستان میں انتظامی ڈھانچے کی بہتری کیلئے نئی بھرتیوں کا اعلان

پولیس، محکمہ صحت، تعلیم اور دیگر اہم محکموں میں 25 ہزار نئی آسامیوں پر بھرتیاں ڈیپارٹمنٹل سطح پر کی جائیں گی، ذرائع

میرٹ یقینی بنانے کیلئے گریڈ 16 تا 17 کی آسامیوں کیلئے سمری بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ارسال کر دی گئی ہے

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) حکومت کی جانب سے صوبے بھر کے مختلف سرکاری محکموں میں نئی بھرتیوں کا بڑا اعلان سامنے آیا ہے، جس کے تحت 25 ہزار سے زائد آسامیوں پر تقرریاں کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق یہ بھرتیاں پولیس، محکمہ صحت، تعلیم اور دیگر اہم محکموں میں کی جائیں گی، جس سے صوبے کے انتظامی و سروس ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گریڈ ایک سے 15 تک کی آسامیوں پر بھرتیاں متعلقہ محکموں کے ذریعے ڈیپارٹمنٹل سطح پر کی جائیں گی، جبکہ گریڈ 16 اور 17 کی آسامیوں کے لیے سمری بلوچستان ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سی ای او کیسکو انجینئر یوسف شاہ بجلی بلوں کی ادائیگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی 5 گاڑیوں میں تصادم، 13 افراد جاں بحق

مال بردار ٹرک الٹنے سے کئی گاڑیاں مکمل تباہ، اموات میں اضافے کا خدشہ

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی حیدرآباد موٹروے ایم 9 پر کاٹھور کے مقام پر 5 گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں بچوں سمیت 13 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ایم نائن سپر ہائی وے انصاری پل کے قریب 3 تیز رفتار گاڑیاں اور مسافر بس مال بردار ٹرک سے ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی جبکہ 10 موقع پر جاں بحق ہوئے۔ حادثے کے بعد ریسکیو 1122، چھیپا اور ایدھی کے رضاکار جائے وقوعہ پہنچے جہاں انہوں نے امدادی کام سرانجام دیئے۔ امدادی حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق و زخمی ہونیوالوں کو ہسپتال منتقل ...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بنو قابل پروگرام نوجوانوں کیلئے روشن مستقبل کی ضمانت، مولانا ہدایت الرحمن

الخدمت فاؤنڈیشن نے باصلاحیت نوجوانوں کو مفت آئی ٹی کورسز فراہم کر کے ترقی کی بنیاد رکھ دی، امیر جماعت اسلامی

ہمارے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں انہیں صرف درست سمت کی ضرورت ہے، کوئٹہ میں لیب کا جائزہ، طلبہ سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل آئی ٹی اور تعلیم سے وابستہ ہے، بنو قابل پروگرام بلوچستان میں انقلاب لائے گا، بلوچستان کے حالات ٹھیک کرنے کیلئے امن وعزت دینے کیساتھ تعلیم ہنر اور روزگار بھی لازمی ہے ڈنڈے، گولی، دھمکی کی بجائے دل جیتنے کیلئے محبت، عزت و احترام کی زبان استعمال کی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کوئٹہ میں قائم کردہ "بنو قابل" "آئی ٹی لیب" کا دورہ کیا ان کے ہمراہ بنو قابل ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی پی آر عسکر خان کے ہمراہ چیف انجینئر کیو ڈی اے عبدالمعروف و دیگر کا گروپ فوٹو

ہم نے ماضی میں کئی بار اڑان بھری لیکن وہ کریش ہو گئی، احسن اقبال

تبدیلی کے نام پر بٹھائی گئی حکومت نے صرف مخالفین کی پگڑیاں اچھالیں، وفاقی وزیر

جامشورو (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہم نے ماضی میں کئی بار اڑان بھری لیکن وہ اڑان کریش ہو گئی۔ جامشورو میں میڈیا سے گفتگو میں احسن اقبال نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام نے ہماری پالیسیوں کو تسلسل نہیں دیا، ہم نے دہشت گردی ختم کی اور لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے وژن 2010 بنایا، وہ 2 سال بعد کریش کر گیا کیونکہ مارشل لاء لگ گیا، ہم نے وژن 2025 کے تحت ترقی شروع کی، ملک کو ایک نئی ڈگر پر ڈالا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سی پیک جیسا تاریخ ساز منصوبہ کامیاب کیا، ہم پرواز بھر ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ڈکی، تیز رفتار گاڑی الٹنے سے 2 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) ڈکی میں تیز رفتار گاڑی الٹنے سے 2 افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈکی میں نانا صاحب زیارت روڈ پر تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

چاغی، موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم، 4 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چاغی کے علاقے میں 2 موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 4 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چاغی کے علاقے ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

عنبرین جان کو پیمرا کی چیئرپرسن مقرر کر دیا گیا

انہیں پیمرا کی پہلی خاتون چیئرپرسن بننے کا اعزاز حاصل ہوا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) عنبرین جان کو پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کی چیئرپرسن مقرر کر دیا گیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر ان کی تقرری کی منظوری کچھ دن قبل دی تھی۔ ان کی تقرری چار سال کے لیے ایم پی ون سکیل میں کی گئی ہے اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس حوالے سے ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی جماعتوں پر پابندی کی بجائے میدان کھلا رکھنا چاہیے، مولانا عبدالواسع

سیاسی اختلاف کو پوائنٹ آف نو ریٹرن تک لے جانا درحقیقت ملکی استحکام، جمہوریت اور قومی وحدت کیلئے باعث تشویش ہے، سینیٹر

ملک کو درپیش معاشی، سماجی چیلنجز کا واحد حل سیاسی استحکام، آئین کی بالادستی، پارلیمان کی خودمختاری اور قومی مکالمہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے سینیٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی اختلاف کو پوائنٹ آف نو ریٹرن تک لے جانا درحقیقت ملکی استحکام، جمہوریت اور قومی وحدت کیلئے باعث تشویش ہے۔ اختلاف رائے جمہوری نظام کا حسن ہے، مگر اسے انتقام، تضحیک اور محاذ آرائی کی سیاست میں تبدیل کرنا ملک کو عدم استحکام کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی رہنما، خصوصاً سابق وزیراعظم عمران خان کو انسانی بنیادوں پر مکمل طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت و ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بسنت کے دوران ہوائی فائرنگ کرنے والا شخص گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے بسنت کے دوران ہوائی فائرنگ کرنے والے شخص کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سمیت بلوچستان میں بسنت منائی گئی کوئٹہ کے علاقے تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے عملے نے بسنت کے دوران ہوائی فائرنگ کرنے والے علی حیدر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے پسٹل برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

اوتھل: پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی میں برآمد ہونے والی منشیات

ڈیرہ بگٹی، میٹرک کے امتحان میں نقل فراہم کرنے والے 4 افراد گرفتار

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی سوئی میں امتحانی سینٹر میں نقل فراہم کرنے کے دوران چار افراد رنگے ہاتھوں پکڑے گئے مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس کے مطابق میٹرک کے امتحان کے دوران ضلع ڈیرہ بگٹی کی انتظامیہ کی نقل کی روک و تھام کیلئے سخت اور موثر کارروائی، سوئی میں امتحانی سینٹر میں نقل دیتے ہوئے چار افراد کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا چاروں کے خلاف سوئی پولیس تھانے میں مقدمہ درج کر کے حراست میں لے لیا گیا۔

عوامی دباؤ کام کر گیا، سولر نیٹ میٹرنگ قوانین میں تبدیلی متوقع

حکومت نے نیپرا میں نئے سولر نیٹ میٹرنگ قوانین پر نظر ثانی کیلئے خط لکھ دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عوامی دباؤ کام کر گیا، سولر نیٹ میٹرنگ قوانین میں تبدیلی متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے نیپرا میں نئے سولر نیٹ میٹرنگ قوانین پر نظر ثانی کیلئے خط لکھ دیا جبکہ پاور ڈویژن نے نیپرا میں نظر ثانی درخواست دائر کر دی ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی انتقام کی روایت نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، اے کیو ایم

سابق وزیراعظم عمران خان کے ساتھ ناروا سلوک قابل گرفت عمل ہے، غیر آئینی روایتوں کی بنیاد ملک میں اشرافیہ رکھ رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان کو جیل میں علاج معالجے کی عدم فراہمی باعث تشویش ہے سابق وزیراعظم عمران خان کے ساتھ ناروا سلوک قابل گرفت عمل ہے اور اس غیر آئینی روایت کی بنیاد اشرافیہ رکھ رہی ہے ...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات، دو طرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں پاک امریکا تعلقات میں مثبت پیش رفت کا خیر مقدم کیا گیا، خطے سمیت دنیا میں امن و سلامتی کے لیے مشترکہ تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق باہمی مفاد کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے اعلیٰ سطحی روابط پر زور دیا گیا۔

اسلام آباد: مولانا عبدالغفور حیدری کو وزیراعلیٰ کی جانب سے انکے اسٹاف افسر سید امین گلدستہ پیش کر رہے ہیں

بنگلہ دیش کے انتخابی نتائج اہمیت کے حامل ہیں، محمد عبدالقادر

پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں ایک نئے دور کا آغاز متوقع ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں بی این پی کی شاندار انتخابی فتح نے خطے کی سیاسی نقشہ بندی میں اہم تبدیلی کی بنیاد رکھ دی ہے پارٹی کے رہنما طارق رحمان کی قیادت میں حکومت کے قیام سے پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں ایک نئے دور کا آغاز متوقع ہے۔ تاریخی، ثقافتی اور اقتصا ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

جیکب آباد میں پولیس کی بڑی کارروائی، 60 کلو چاندی برآمد

کارروائی کے دوران 5 بین الصوبائی اسمگلر گرفتار، مقدمہ درج، تحقیقات کا آغاز

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں پولیس کی بڑی کارروائی، 60 کلو چاندی برآمد، 5 بین الصوبائی اسمگلر گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں پولیس اور حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی اسمگلنگ میں ملوث گروہ کے پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 60 کلوگرام چاندی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے ...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ہورائزن آف انکلوژن کی چیئرپرسن روا کنول کا معذور افراد اور رکشہ ڈرائیورز کے ہمراہ گروپ فوٹو

قومی حقوق کی جدوجہد کو منظم اور تیز کرینگے، پشتونخوامیپ

پارٹی قومی امنگوں اور ملی ارمانوں کی تکمیل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، نصراللہ خان زیرے، ندا سنگر

نئے ساتھیوں کی شمولیت سے پارٹی مزید منظم، فعال ہو گی، عالمو کلی برات، کلی شیخان میں شمولیتی اجتماعات سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی قومی، جمہوری اور وطن دوست سیاست سے متاثر ہو کر عالمو علاقائی یونٹ کلی برات ابتدائی یونٹ میں 36 سیاسی کارکنوں نے، جبکہ کلی شیخان علاقائی یونٹ اتحاد کالونی میں 13 خاندانوں کے 50 سیاسی کارکنوں اور قبائلی عمائدین نے پشتونخوامیپ میں باضابطہ شمولیت کا اعلان کیا اس سلسلے میں عالمو علاقائی یونٹ کلی برات میں امیر محمد کی رہائش گاہ پر شمولیتی اجتماع منعقد ہوا، جبکہ کلی شیخان میں علاقائی سیکرٹری جمعہ خان کی رہائش گاہ پر بھی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اسی طرح اتحاد کالونی میں علاقائی یونٹ ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور سے 2 افراد کی نعشیں برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں برآمد ہوئیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز رخشان ندی سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا تھا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی یاد رہے کہ رواں ہفتے پنجگور سے 4 افراد کی نعشیں برآمد ہو چکی ہیں۔

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، زرک خان مندوخیل

صوبہ بھر میں ترقیاتی کام جاری ہیں، عوام اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائینگے، گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے حلقہ انتخاب سمیت صوبہ بھر میں ترقیاتی کام تیزی کے ساتھ جاری ہے جسے بروقت مکمل کیا جائے گا جسے عوام مستفید ہوں گے عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم کسی بھی صورت عوام کے اعتماد کو ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو فیصلہ سازی میں مرکزی حیثیت دینا ہو گی، کرن بلوچ

تعلیم، صحت، معاشی خودمختاری اور سیاسی شمولیت کے بغیر خواتین کو حقیقی معنوں میں بااختیار نہیں بنایا جا سکتا

اسلام آباد (خ ن) چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن اور پاکستان پیپلز پارٹی کی خاتون رہنما کرن بلوچ نے نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے زیر اہتمام اسلام آباد میں منعقدہ مشاورتی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں خواتین کے حقوق کے تحفظ، صنفی مساوات کے فروغ اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے پالیسی ...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے، سیکرٹری جنگلات

محکمہ منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت اور جنگلات، جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عمران گچکی کی زیر صدارت محکمہ جاتی ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) سے متعلق اجلاس ہوا۔ جس میں چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ ساؤتھ، چیف کنزرویٹر نارتھ، چیف کنزرویٹر آف وائلڈ لائف اور چیف کنزرویٹر آف سوائل کنزرویشن نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پی ایس ڈی پی 2025 ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ریلوے کی بندش ہرنائی کو پسماندگی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے، این پی

حکومت خسارے کا بہانہ بنا کر ہرنائی سیکشن سے کوئلہ کی ترسیل بند کر رہی ہے جو ناقابل برداشت عمل ہے، ولی داد میانی

ترقی اور عوامی فلاح پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا جا رہا، ضلع بھر میں لوٹ کھسوٹ اور کرپشن کا بازار گرم ہے، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ریلوے سروس کی بندش ہرنائی کے عوام کیلئے انتہائی نقصان دہ اقدام ہے اور یہ ضلع کو مزید پسماندگی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں کے اربوں روپے خرچ کر کے ریلوے ٹریک اسٹیشنوں کی تعمیر و مرمت اور دیگر منصوبوں پر سرمایہ کاری کی گئی این ایل سی کے ذریعے ترقیاتی کاموں پر خطیر رقم خرچ کی گئی لیکن اب حکومت کی جانب سے یہ موقف اختیار کیا جا رہا ہے کہ ہرنائی سیکشن خسارے میں ہے اور کوئلہ کی ترسیل بند کی جا رہی ہے ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، ایران اور افغانستان کے درمیان برادرانہ تعلقات ہیں، جمعیت نظریاتی

رمضان المبارک کی آمد پر ملک میں شراب کی خرید و فروخت پر پابندی اور سودی نظام کا خاتمہ ضروری ہے، مولانا عبدالقادر لونی

سامراجی قوتیں اسلامی ممالک سے معیشت، امن چھیننے کی تگ و دو میں ہیں، مفتی شفیع الدین، مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی سیکرٹری جنرل مفتی شفیع الدین، مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی اور دیگر نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد پر ملک میں شراب کی خرید و فروخت پر پابندی اور سودی نظام کا خاتمہ ضروری ہے اور موجودہ درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عالم اسلام کا متحد ہونا ناگزیر ہے استعماری و سامراجی قوتیں عالم اسلام کی معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام او ...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر